سیکنڈ ایڈیشن

سینہ بسینہ چلنے والے علوم مخفی و عملیات و تعویزات
کے انکشافات و سربستہ رازوں کا نادر مجموعہ

اسرار العملیات
چشتیہ اویسیہ

علی احمد چشتی
ماہر مخفی علوم

مجموعہ چشتی

سیکنڈ ایڈیشن

سینہ بسینہ چلنے والے علوم مخفی و عملیات و تعویزات

کے انکشافات و سربستہ رازوں کا نادر مجموعہ

اسرار العملیات
چشتیہ اویسیہ

علی احمد چشتی

ماہر مخفی علوم

فہرست

چند ضروری باتیں

عامل کو جن کے دفعیہ کی تدابیر اختیار کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

۱۔ مقام عمل پاک ہو، عامل باوضو ہو، مریض کو بھی وضو کرا دے تو بہتر ہے۔

۲۔ اس جگہ کوئی عورت حائضہ موجود نہ ہو۔

۳۔ اس مجلس میں زیادہ بات چیت سے گریز کریں۔

۴۔ عامل عزیمت بآواز بلند پڑھے، ورنہ کم سے کم درود شریف تو بآواز بلند پڑھے۔

۵۔ عمل کے وقت متعلقہ دھونی دتیار ہے۔

۶۔ عمل کے وقت مریض کے گلے میں کوئی بھی پرانا تعویذ موجود نہ ہو۔

۷۔ عمل چھت دار مکان میں ہو، کھلے آسمان کے نیچے نہ ہو۔

۸۔ مریض کو عامل کے روبرو ہونا چاہئے اگر مریض مرد ہو تو مرد ہی مریض کو عامل کے سامنے بٹھائے اور اگر مریض عورت ہو تو عورت ہی مریض کو عامل کے سامنے بٹھائے۔

۹۔ عمل کا بہتر وقت بعد نماز عصر یا بعد نماز مغرب ہے۔

۱۰۔ آسیب زدہ شخص کو اگر غسل کرانا ہو تو چھت دار جگہ غسل کرائیں کھلے آسمان کے نیچے نہ کرائیں۔

۱۱۔ عامل دوران عمل حصار کے ساتھ ساتھ کوئی نقش برائے حفاظت اپنے بازو پر

ضرور باندھ لے۔

۱۲۔ عمل شروع کرتے وقت عامل اپنے گناہوں کی معافی چاہیے اور اپنے عاجز اور کمزور ہونے کا اعتراف کرے۔

۱۳۔ عمل سے بیشتر کچھ نہ کچھ صدقہ کرے۔

۱۴۔ عمل کے وقت عامل کا پیٹ کھانے سے پر نہ ہو۔

۱۵۔ عمل کے وقت عامل خوشبو وغیرہ کا استعمال کرے۔

۱۶۔ جس عمل کی جو بھی تعداد ہو اس میں کمی بیشی نہ کرے۔

۱۷۔ کسی وجہ سے ایک بار عمل کرنے سے کام نہ بنے تو اس عمل کو مکرر کرے۔

☆☆☆

نوٹ: تمام عملیات وتعویزات کی اجازت چشتیہ اویسیہ کے کسی بزرگ یا مصنف سے لینا ضروری ہے۔

تمام مثلث اور مربع نقوش وتعویزات میں چاروں
اطراف قولہ الحق الملک ولہ لکھنا ضروری ہے

☆☆☆

ارتکاز توجہ

پر اسرار علوم میں اسے قوت خیال یا ٹیلی پیتھی کہتے ہیں۔ علم خیال ایک ایسی قوت ہے کہ اس کے محیط کا پتہ لگانا بے حد مشکل ہے اس علم کی کوئی حد نہیں ہے یہاں تک کہ اس کا تعلق ہمار روحی اور برزخی زندگی سے ہے۔ علم خیال کا قانون اور اس کے اصول اتنے ہی قدیم ہیں جتنی کہ انسانی تاریخ علم خیال کو سمجھنے کے بعد ہی انسانوں نے مختلف علوم کی بنیاد رکھی مثلاً مسمریزم، ہپناٹزم۔ سپر چوٹزم۔ کلیر وانس۔ کلیراڈئیس اور حاضرات ارواح وغیرہ۔ یہ سب روحانی ومخفی علوم صرف قوت خیال کا نتیجہ ہیں۔ روحانی سائنس میں قوت خیال کا قانون ہی کام کرتا ہے۔ روحانی ترقی کی مختلف شاخوں کی تکسیب وتکمیل انسان کی خیالی فضیلت اور علم خیال فوقیت کی راہ میں ابتدائی مراحل تھے۔

جس طرح کسی زبان کے سیکھنے والے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ علمی واقفیت کیلئے اس زبان کے حرف تہجی پہلے پڑھ لے پھر الفاظ اور ان کے جزئیات کو یاد کرے۔ اس طرح انسان کے لئے اس علم میں بتدرج ترقی کے زینے موجود ہیں۔

قوت خیال کو مختلف ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے علم حیات کے علماء اسے زندگی کہتے ہیں۔ علم طبیعات والے اسے خیال کہتے ہیں اور فلاسفر اسے لامحدود طاقت کا

نام دیتے ہیں۔ علم خیال دماغی ترتیب کے تین طاقت ور قوٰی کے ساتھ کام کرنے کا نام ہے۔ ان قوت ارادی۔ قوت خیال اور ایتھری قت جب قوت ارادی کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے تو خیال کی لہریں تمام کرہ ارض پر پھیل جاتی ہیں اور اس کو ٹیلی پیتھی کہتے ہیں۔ مارکونی جو بے تار برقی کے پیغام رسانی کا موجد ہے کہتا ہے کہ قوت خیال کا ر لفظ ہوا میں اس طرح جنبش پیدا کرتا ہے کہ جس طرح جھیل میں کنکر پھینکنے سے پانی میں لہریں پھیلتی جاتی ہیں۔ اس طرح قوت خیال کی لہریں بھی بڑی بڑی دور تک پھیل جاتی ہیں جبکہ ٹیلیگراف کے ہر آلہ پر یہ لہریں محسوس بھی ہو سکتی ہیں۔

عقل ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ عقل کوئی نئی چیز نہیں۔ خیالات اس عقل ذخیرہ کے جزو ہیں اور ان سے ایسے ایسے کام لئے جا سکتے ہیں جن کو دوسرے لوگ وہم یا خرق عادت کہتے ہیں۔ ہم دوسرے ملکوں کے متعلق جو کچھ سوچتے ہیں۔ ایسی سوچ کا اثر دوسرے لوگوں پر ضرور ہوتا ہے اور بالکل ہمارے ہی خیالات کے مطابق ان میں جذبات بھی پیدا ہوتے ہیں۔

دوسرے لوگوں پر اثر انداز ہونے والے جذبات صرف خیال بھیجنے والے کی وقت ارادی کے مطابق ہوا کرتے ہیں۔ خیال بھیجنے والے کی قوت ارادی اگر کمزور ہے تو جذبات بھی کمزور ہوں گے۔

دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر خیالات کو کسی خاص آدمی کی طرف بھیجا جائے اور کمزور قوت ارادی سے کام لے کر بھیجا جائے تو وہ فضا میں معمولی سا ارتعاش پیدا کر کے وہیں گم ہو جاتے ہیں گویا قوت خیال اور قوت ارادی کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور جب یہ دونوں قوتیں مل کر کام کرتی ہیں تو حیرت انگیز واقعات ظہور پذیر ہوتے ہیں دنیا کا ہر انسان اس طریقہ سے اپنے خیالات دوسرے انسانوں تک پہنچا سکتا ہے۔

ٹیلی پیتھی ایک علم بھی ہے اور سائنس بھی جو یہ کہتی ہے کہ انسان میں مقناطیسی پراسرار قوتیں موجود ہیں جنہیں اگر بیدار کر لیا جائے تو انسان ناممکن کو ممکن بنا سکتا ہے جبکہ ان پراسرار مخفی قوتوں کو بیدار کرنے کے لئے ارتکاز توجہ کی ضرورت ہے۔ ادراک ماورائے حواس کی تمامتر بنیاد ہی توجہ اور یکسوئی پر ہے۔

جو شخص اپنے اندر اعلیٰ درجہ کی قوت توجہ پیدا کر لیتا ہے وہی اس مقصد میں بھی کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ وہ تمام کام جن کا تعلق ذہن کے تخلیقی حصوں سے ہے اس وقت تک انجام نہیں پا سکتے جب تک کہ پوری طرح ان مقاصد کے لئے ذہنی یکسوئی پیدا کر لی جائے ارتکاز توجہ۔۔۔ یکسوئی۔۔۔ محویت۔۔۔ استغراق اور مرقبہ جسے کہتے ہیں یہ سب ایک ہی شے کے مختلف نام ہیں۔ جب تک کسی شخص کو اس چیز میں

پوری طرح دسترس حاصل نہ ہو وہ کوئی بڑا کارنامہ انجام نہیں دے سکتا۔ جب تک آپ کی دماغی قوتیں پراگندہ اور منتشر ہیں، آپ کچھ نہیں کر سکتے آپ کبھی ایک وقت میں دو کام نہیں کر سکتے اور اگر کبھی ایسا کرنے کی کوشش بھی کریں گے تو دونوں کام بگڑ جائیں گے جب تک توجہ مختلف حصوں میں منقسم رہے گی کچھ بھی نہ ہو سکے گا اس دنیا میں ناکام وہی لوگ ہوتے ہیں جو اپنے ذہنی یکسوئی اور توجہ پیدا نہیں کر سکتے۔ ذہنی انتشار کی وجہ سے نہ وہ کچھ سوچ سکتے ہیں اور نہ ہی ذہنی یکسوئی سے کام کر سکتے ہیں۔

☆☆☆

مشورے مصاحب اہل کمال میں ھے

تاثیر خیر و برکت رزق حلال میں ھے

مسکرات یعنی نشے کی چیزوں سے نفور رہے بلکہ ایسے لوگوں کی صحبت سے بھی دور رہے۔ اگر کوئی کسی کو ایذا رسانی یا تکلیف دہی میں امداد چاہے تو فہمائش کر کے اس کو ایسے کار قبیح سے روکے جس طالب کو نقش یا تعویذ دے اس کا محنتانہ یا نذرانہ مقرر کر کے نہ لے بلکہ للہ فی اللہ کام کر دے۔ اگر کوئی بخاطر طیب کچھ نذر کرے لے لے۔ جب امور متذکرہ بالا کام عامل ہو گا۔ تب تائید ایزدی سے اس قابل ہو گا کہ تعویذ میں تاثیر پیدا ہوگی۔ اس کی خاصیت ہویدا ہوگی۔ خداوند کریم عالی مرتبہ کرے گا۔ نیک ثمرہ عطا کرے گا۔ اگر ہدایات مذکورہ پر عمل نہ کرے گا۔ تعویذ اور نقش بے اثر رہے گا علاوہ اس کے اس علم دقیق کے دقائق سے بھی لازم ہے کہ خبردار ہوا اور اس کے سائز لوازمات جزئی مثل رعایات سعات سعد و نحس و دقائقات وثانیات وثالثات و موثرات فلکی و راضی و موکلات نقوش وغیرہ سے کما حقہ، وقف کار ہو کیونکہ یہ امورات اس علم مبارک میں لازم و ملزوم ہیں اہل فن کو بخوبی معلوم ہیں۔

اللہ ہم کو نیک ہدایت عطا کرے۔ آمین

☆☆☆

دعا کیا ھے؟

دعا کے لغوی معنی فقط پکارنا اور اپنی طرف بلانا ہے چنانچہ قرآن حکیم میں نوح علیہ السلام کا واقعہ بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّنَهَارًا ہ فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَاۗءِیْٓ اِلَّا فِرَارًا ہ

"اس نے کہا اے میرے پروردگار میں اپنی قوم کو دن رات بلاتا رہا۔ مگر میرے بلانے سے وہ اور زیادہ بھاگتے رہے۔" اور ندا بھی دعا کا ہم معنی و مترادف لفظ ہے قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَمَثَلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ اِلَّا دُعَاۗءً وَّنِدَاۗءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ہ

"اور ان منکروں (کو سمجھانے) کی مثال اس (چرواہے) کی مانند ہے جو (جانوروں کو) پکارتا ہے اور وہ زبان تک پکار کی) آواز کے غیر اور کچھ سنتے سمجھتے یہ بہرے گونگے اندھے ہیں اس لئے کوئی بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی۔

ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ دعا اور ندا کے حقیقی معنی سوال کرنا نہیں بلکہ صرف پکارنا اور اپنی طرف بلانا ہے۔ لیکن چونکہ اکثر اوقات انسان خدائے قدوس کو پکارتے ہوئے کوئی درخواست بھی پیش کر دیتا ہے تو اس وقت دعا اور ندا کے معنی سوال کرنا ہی سمجھا جائے گا۔ مثلاً

هُنَا لِکَ دَعَا ذَکَرِیَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ

"یہ حال دیکھ کر ذکریا نے اپنے رب کو پکارا۔ پروردگار! اپنی قدرت سے مجھے نیک اور اولاد عطا کر تو ہی دعا سننے والا ہے۔"

اور دوسری جگہ فرمایا!

وَذَکَرِیَّا اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ہ

"اور جب ذکریا نے اپنے رب کو پکارا۔ پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑو۔ اور تو ہی سب سے بہتر وارث ہے۔"

چنانچہ جب بندہ خدائے قدوس کے حضور میں دعا اور ندا کے ساتھ اپنی کوئی درخواست اور حاجت بھی پیش کرے اس وقت دعا کے معنی اَلا بتہال اِلَی اللّٰہِ بالسّؤال (نہایت عجز کے ساتھ خدا تعالی سے کچھ مانگنا) ہو جاتے ہیں۔

☆☆☆

تعویذ لکھنے والوں کو ضروری ہدایات

صاحب عزائم یعنی تعویذ لکھنے والا خود بالذات مرد پرہیزگار متقی و دیندار ہو پابند صوم وصلوٰۃ تہجد گذار ہو صاحب شرم وحیا قناعت شیوہ فریب خلق سے بیزار کذب دریال سے دور بالطبع کم آزاد ہو۔ آنکھوں سے پاک دل سے خوش نیت رہے خلق اللہ کو فیض رسانی کا خیال ہر ساعت رہے ذاکر ذکر حق تعالیٰ ہو۔ مال حرام سے متنفر اور رزق حلال کو جویا ہو۔

☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درجہ اول:

زکوۃ بسم اللہ شریف کا طریقہ یہ کہ عروج مہینے میں بروز نوچندی پیر کی رات سے ایک جگہ خلوت میں ایک وقت میں 19 روز تک 786 بار قبلہ رخ دوزانو بیٹھ کر خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھے۔ خوشبو وغیرہ کا اہتمام کرے۔ اول آخر درود چشتیہ اویسیہ 11 بار پڑھے۔

درجہ دوم:

پہلے بیان کردہ شرائط کے تحت 125 بار 40 روز میں پڑھ کر سوالاکھ کی تعداد پوری کرے۔ بڑے گوشت کا پرہیز کرے۔ اول آخر درود ابراہیمی 11 دفعہ کے ساتھ۔

درجہ سوئم:

19000 بار 40 روز تک پڑھے اور ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کرے اس چلے میں موکلین کی طرف سے کئی اشارے ہوتے ہیں اور آخری دن بسم اللہ کے موکلین حاضری دیں گے۔ اول آخر درود ابراہیمی 41 دفعہ کے ساتھ۔ سفید رنگ کا لباس استعمال کرے۔ بسم اللہ شرف کا عامل کامل ہوجائے گا۔

نقش بسم اللہ شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

آتشی چال

مربع نقش

عددی نقش:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۰۲	٦٦	۳۳۰	۲۸۹
۳۳۰	۲۸۹	۱۰۲	٦٦
۲۸۹	۳۳۰	٦٦	۱۰۲
٦٦	۱۰۲	۲۸۹	۳۳۰

آتشی چال

بسم اللہ کے عددی نقش کی زکوٰۃ کا طریقہ:

نوچندی اتوار کو پانچ ہزار مرتبہ

"اُجِبْ یا جبرئیلُ بحقِ بِسْمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْم" پڑھ کر 99 نقش۔

سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھے۔

40 دن تک یہ عمل کرے۔ عددی نقش کا عامل ہو جائے گا۔ روزیا پھر کچھ دنوں کے بعد نقوش کو آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا نہر میں ڈالتا رہے۔

نقش کی زکوٰۃ کا طریقہ دوم:

عروج مہینے میں 41 نقش بعد نماز فجر لکھے 41 دن تک۔

نوٹ: بسم اللہ کی زکوۃ کے بعد 101 بار اول آخر درود ابراہیمی 3 بار کیساتھ روز کسی بھی وقت پڑھ لیا کرے۔ زکوۃ کا اثر باقی رہے گا اور نقش کی زکوۃ کے بعد 19 نقش روز لکھا کرے اور کچھ دنوں بعد آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے۔

تسخیر موکل کیلئے صرف تین دن کا مجرب عمل:

عروج ماہ میں بعد نماز عشاء سفید لباس میں صرف 3 دن تک بسم اللہ شریف 25 ہزار مرتبہ پڑھو۔ اول آخر 11 ۔ 11 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے چاروں طرف حصار کر لو۔ تیسرے دن 19 موکل حاضر ہوں کے اور اطاعت کریں گے۔ صرف دودھ پینا ہے۔

تسخیر موکل کا ایک اور عمل:

یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور احرامی لباس پہننے اور ترک حیوانات کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر بخور گوگل کا جلائے اور پہلے عشرے میں 5 ہزار اور چوتھے میں 2 ہزار بار بسم اللہ شریف پڑھے۔ اول آخر 11 بار درود ابراہیمی کے ساتھ دوران عمل موکل کی حاضری

کے وقت بات نہ کرے۔ جب 40 دن مکمل ہو جائیں تب بات کرے۔ حصار 11 بار آیت الکرسی پڑھ کر کرے۔ مشہور اور آزمودہ عمل پیش کر دیا ہے۔

تعویز عظیم الفوئد:

یہ نقوش دکان اور مال کی ترقی، غیبی گاہک، ہر بلا و مصیبت سے نجات، دوست و سخت حاکم مہربان، دشمن راضی، فتوحت و تسخیر خلائق۔ الغرض تمام مشکلات کے حل کیلئے مجرب تعویز ہے۔

طریقہ:

ایرانی زعفران، مشک و عنبر سے کسی اچھی ساعت میں لکھیں۔ لکھتے وقت گوگل کا بخور جلائیں۔ لکھنے کے بعد تعویز کو دھونی دیں۔ تعویز کے آخر میں جس کو دینا ہے اسکا نام بمعہ والدہ کا نام اور مقصد ضرور لکھیں۔ یہ ایک طرح کا فتح نامہ ہے اور جس کو بھی دیا اس نے تعریف کی ہے اور حیرت انگیز فوائد سے آگاہ کیا ہے۔ اس نقش کو تیار کرنے سے پہلے دائیں طرف بسم اللہ کا نقش پھر اس کے ساتھ یعنی درمیان میں "فتاح" کا نقش لکھیں اور پھر نیچے آیت الکرسی ایک بار لکھیں۔ تمام نقوش اور آیت الکرسی ایک ہی صفحہ پر آئے۔ تینوں نقش آتشی چال سے پُر کریں۔

نقش کل اعداد 786 کسر نہیں ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۶۳	۲۵۸	۲۶۵
۲۶۴	۲۶۲	۲۶۰
۲۵۹	۲۶۶	۲۶۱

نقش اسم فتاح کا ہے کل اعداد ۴۸۹ کسر نہیں ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۶۴	۱۵۹	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۲

نقش اسم عزیز کا ہے کل اعداد ۹۴ ”بکسر ۷“ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳۲	۲۷	۳۵
۳۴	۳۱	۲۹
۲۸	۳۶	۳۰

بسم اللہ برائے حب مجرب۔

786 بار بسم اللہ چینی پر دم کر کے 1 ہفتہ تک کھلائے گھر میں آپس میں محبت ہوگی۔

عامل ہونا ضروری ہے ورنہ نہیں چلے گا۔ اجازت لے کے کرے۔

سر درد کیلئے:

7 بار بسم اللہ شریف مکمل مریض کے سر پر دم کرنے سے آرام آجاتا ہے۔

ہر مرض کیلئے:

موت کے علاوہ ہر مرض کے علاج کیلئے 12000 مرتبہ پانی پر دم کر کے بسم اللہ شریف پلانے سے مکمل آرام آجاتا ہے۔

پیٹ درد مجرب نقش:

یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم	یا اللہ
	بسم اللہ الرحمن الرحیم	
	بسم اللہ الرحمن الرحیم	
یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم	یا اللہ

نقش پانی میں گھول کر پلانا ہے۔

چلہ/عمل برائے استخارہ با موکل: مجرب خاص

نَسْئَلُکَ الْعِصْمَۃَ فِی الْحَرَکَاتِ وَ السَّکَنَاتِ۔

فجر کی نماز کے بعد باوضو 11-11 بار درود شریف اول و آخر کے ساتھ پہلے دن 100 بار دوسرے دن 200 بار۔۔۔ پھر اسی طرح بڑھاتے ہوئے تیرویں دن 1300 پھر 14 دن 1200 بار 15 دن 1100 بار پھر اسی طرح کم کرتے کرتے 25 دن 100 بار ۔۔۔ آخری دن 50 بچوں میں آدھی آدھی روٹی اور حلوہ تقسیم کرنا ہے۔ خواب میں حاضری کیلئے 7 مرتبہ وظیفہ پڑھ کر دائیاں ہاتھ چہرے کے نیچے رکھ کر سو جانا ہے قبلہ کی طرف منہ کر کے اور دل میں اپنا مقصد یا جو پوچھنا ہے اس کا تصور رکھ کر انشاءاللہ خواب میں 7 موکل انسانی شکل میں نظر آئیں گے اور جواب دیں گے۔

برائے معلومات چور مجرب خاص:

چور معلوم نہ ہو تو عامل دس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنی ران پر شنگرف ملے اور چالیس بار عمل پڑھ کر استرہ پر دم کرے اور اپنی ران کے بال مونڈے۔ چور کے سر کے بال خود بخود کٹ جائیں گے۔

عمل: بسم اللہ علیقہ ملیقہ تلیقہ بحقِ لَآ اِلَٰہَ الااللہ محمد الرسول اللہ و علیٌ ولی اللہ۔

نادِ علی صغیر:(زکوٰۃ)

121 بار اول آخر درود شریف 11 دفعہ کے ساتھ 41 دن تک نوچندی جمعہ سے شروع کر کے اور اختتام پر سوا کلو چاول کی سفید کھیر تقسیم کرے۔ مداومت کیلئے روز 3 بار ورد میں رکھے۔

نادِ علی سے تسخیر عام و خاص:

کیلئے 7۔7 بار دورد شریف اور درمیان میں 71 دفعہ رات کو بعد نماز عشاء ایک جگہ ایک وقت عروج ماہ میں 40 دن تک پڑھے اور آخر میں دعا کرے۔ حصار 7 بار آیت الکرسی کا پڑھ کر کرے۔ لازمی تسخیر ہوگا۔ اور کسی بھی چیز کی نیت کی جاسکتی ہے عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔

نادِ علی صغیر باموکل جلالی:

213 بار دو قبروں کے درمیان میں رات کو عروج ماہ میں پڑھے اول آخر 21 دفعہ درود چشتیہ اویسہ کے ساتھ 41 دن تک۔ بہت جلالی عمل ہے۔ مکمل پرہیز کرے آخری روز موکلین طابع ہوں گے عمل کے شروع میں اشارے ہوجاتے ہیں۔ خاص اجازت لے کر کرے۔

بکرے کی سری کا خاص عمل سخت سے سخت ترین جادو کے خاتمے کیلئے:

سخت سے سخت جادو کے خاتمے کے لیے پہلے ایک کالے بکرے کی سری لے اور اس کے منہ میں یہ نقش مربع ایرانی زعفران مشک و عنبر سے کر تحریر کرکے نقش کی نیچے آیت الکرسی اور بیچ میں مریض کا نام بمعہ والدہ تحریر کرے اور دوسرا نقش مربع مریض کو پہنائے۔ بکرے کی سری کو کسی قبرستان میں دفن کر دیا جائے۔

"یا بُدوح" 2100 مرتبہ اول آخر درود ابراہیمی 11۔11 دفعہ کے ساتھ 41 دن تک بعد نماز عشاء زکوۃ کی نیت سے کرے اور بعد عمل روز 41 نقش لکھے۔ اور دریا

وغیرہ میں بہاتا جائے۔ عمل قابو میں آجائے گا۔ نقش مندرجہ ذیل ہے۔

نقش:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ

اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْہِمْ وَمَا خَلْفَہُمْ

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ

وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُہُمَا

وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

جنون، جذام، بواسیر، بادی مرض وغیرہ ستر بیماریوں کا علاج ہے۔

زکوٰۃ کے لئے 1100 بار 11-11 درود شریف کے ساتھ 21 دن تک اور ہر نماز کے بعد 41 بار پڑھتا رہے پھر 33 بار کسی بھی وقت پڑھ لیا کرے۔

مریض کو صبح شام 33 بار دم کر کے دیا جائے پانی پر ہر قسم کی بیماری کیلئے۔

☆☆☆

نسخہ استقامت :

وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (الکهف:14)

ہر فرض نماز کے بعد 11 بار روزانہ پڑھیں یہ ذکر عبادت، تلاوت اور دیگر دینی امور میں دل جمعی اور استقامت کیلئے مفید ہے۔

آنکھوں کے مرض کا علاج:

ہر نماز فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ پیشانی پر رکھ کر گیارہ مرتبہ ایک سانس میں "یا نُورُ" پڑھیں۔ یہ عمل آنکھوں کے ہر مرض کے لئے کافی وشافی ہے اور دوسرے بزگوں سے یہ طریقہ بھی ثابت ہے کہ شہادت کی انگلی اور دائیں ہاتھ کے انگھوٹے پر پڑھ کر دم کر کے آنکھیں بند کر کے آنکھوں پر پھیرلیں۔ اس طرح یہ انگھوٹھا دائیں آنکھ پر اور شہادت کی انگلی بائیں آنکھ پر پھیری جائے۔

نافرمان اولاد کو فرمابردار بنانا :

ایک ہزار بار "اَلشَّهِيْدُ" پڑھ کر دم کریں صبح کی نماز کے بعد یا سورج نکلنے کے بعد ایک ہزار بار پڑھ کر بچے کے ماتھے کے سامنے دم کریں۔ یہ عمل کم از کم 21 دن اور زیادہ سے زیادہ 41 دن مدت ہے اس عمل کے درمیان کوشش کریں کہ بچے کو بالکل نہ ماریں۔ اس کی ہر جائز بات مانیں اور ناجائز کو باحسن وخوبی منع کردیں۔ خصوصاً کسی مہمان یا کسی کے سامنے نہ ڈانٹیں۔

احتلام سے حفاظت:

ناف پہ "عمر" ایسے شہادت کی انگلی سے لکھے کہ عمر کی "م" ناف کے ارد گرد بنے یہ عمل رات کو سونے سے قبل لیٹ کے کریں۔ سونے سے قبل ایک بار سورۃ نوح پڑھنے سے بھی احتلام نہیں ہوتا۔

برائے حاجت روائی مجربِ خاص:

مشکل سے مشکل ترین کام کو سرانجام دینے کیلئے 3125 بار "یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ" 40 دن تک پڑھے اور ساتھ میں ہر نماز کے بعد "یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ" 70 بار پڑھے۔ انشاءاللہ 40 دن میں حاجت برآئے گی۔ بزرگوں کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے۔ بس یقین شرط ہے۔

شہد کی مکھی یا بِھڑ کے کاٹے کیلئے:

ذرا سا نمک سرکہ میں ملا کر متاثرہ حصے پر لگائیں آرام آجائے گا۔

انڈہ بوتل میں :(شعبدہ بازی)

ایک انڈہ لے کر اسے مٹی کے پیالے میں سرسوں کا تیل ڈال کر اس تیل میں ڈال دیں۔ انڈا پورا تیل میں ڈوبنا چاہیے۔ ایک ہفتہ ایسے ہی پڑا رہنے دیں پھر انڈہ لمبائی رخ میں شیشے کی بوتل میں ڈال کے دیکھیں انڈہ بوتل میں چلا جائے گا۔

استخارہ " یَا علیمُ " با موکل :

یَا علیمُ 1001 بار 41 دن تک روز بعد نماز عشاء اور ہر نماز کے بعد 101 بار اول آخر درود ابراہیمی 11۔11 بار کے ساتھ جمعرات کی رات کو سونے سے پہلے 1001 بار اور پڑھنا ہے دوران چلہ بڑے گوشت کا پرہیز اور کسی کو چلے میں آنے والی خوابوں کا نہیں بتانا آخری عشرے میں اسم کے موکل کی خواب میں حاضری شروع ہو جائے گی۔ چلے کے بعد جب بھی 1001 بار سونے سے پہلے ورد کر کے اور مطلب ذہن میں رکھ کے سوئے گا موکل خواب میں آ کے جواب دے گا۔ مجرب خاص استخارہ ہے۔

عمل خاص برائے ہلاکت:

کالا کلوہ کالی رات

جس کی لگی ساری رات

آسمان کا تارہ ٹوٹا

اس کا پیٹ پھوٹا

"اُس" کی جگہ بندے اور اُس کی ماں کا نام اور عمل مغرب کی اذان کے بعد لیمو پانی یا پھر شکون غشے اور نارن کے پانی میں کھڑا ہو کے پڑھے 1737 بار۔ نزول ماہ میں شروع کرے۔ قمر در عقرب ہو تو بہت بہتر ہے منگل یا ہفتے کے دن شروع کرے۔ 21 دن میں کام ہو جائے گا۔ ناجائز نہ کرے۔

ہر چیز باندھنے کیلئے یا زبان بندی کے لئے:

صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَھُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ

صرف 7 دفعہ پڑھ کے پھونکے چاہے دور سے ہی کیوں نہ کرے۔ ویسے تو اس عمل میں زکوۃ کی بھی ضرورت نہیں مکمل اثر دیکھنے کے لئے زکوۃ نکال لینا بہتر ہے۔ زکوۃ کے لئے صرف 1100 بار اول آخر درود ابراہیمی 11۔ 11 دفعہ کے ساتھ 41 دن تک پڑھے پھر 41 بار روز کا ورد میں رکھے اور پورا پورا اثر دیکھے گا۔

گمشدہ چیز ملنے کے لیے:

یہ عمل لاکھوں دفعہ کا آزمودہ ہے وہم وگمان سے بھی زیادہ جلد اثر دکھاتا ہے اور چیز چند گھنٹوں میں مل جاتی ہے۔ 313 بار گم شدہ چیز کا تصور باندھ کے پڑھے۔

یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنۡ تَکُ مِثۡقَالَ حَبَّۃٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ فَتَکُنۡ فِیۡ صَخۡرَۃٍ اَوۡ فِی السَّمٰوٰتِ اَوۡ فِی الۡاَرۡضِ یَاۡتِ بِھَا اللّٰہُ" (لقمان:16)

سورۃ نوح چلہ اور عامل بننے کے لئے:

40 دن تک بر روز 41 بار کسی ویران جگہ پر آیت الکرسی اور چار قل کا 3 دفعہ پڑھ کر حصار کرنا ہے۔ موکلین تابع ہو گے۔ چلے بعد سورۃ نوح کا عامل ہو جائے گا اور پھر اس کے عملیات چلیں گے۔ بغیر اجازت کرنے سے رجعت کا اندیشہ ہے۔

سورۃ نوح برائے ہلاکت:

41بار صرف 7 دن تک پانی پہ دم کرنی ہے اور 7 دن پورے ہونے کے بعد وہ پانی دشمن کے گھر چھڑک دیں۔

نقش سورۃ نوح:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۸۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

برائے اولاد نرینہ:

یہ نقش آبی چال سے پُر کرے خاوند کے دائیں بازہ اور بیوی کے بائیں بازو پر باندھنے کو دیں اور دونوں کو روز 7 دفعہ سورۃ نوح کی بعد نماز عشاء پڑھنے کو دے۔ انشاءاللہ جلد ہی اولاد نرینہ نصیب ہوگی۔

بارش کے لئے:

یہ نقش مٹی کے گھڑے یا برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر اس میں ڈال دیں اور کچھ لوگ مل کر یا عامل اکیلا 101 بار سورۃ نوح پڑھ کر بارش کے لئے دعا کروائیں۔

سورۃ نوح برائے حب:

11 بار پڑھ کے تھوڑی سی ریت پر یا محبوب کے پاؤں کی مٹی پر دم کر کے محبوب کے گھر میں ڈال دیں۔ فوری حاضر ہوگا۔ جس شخص کا عنصر آبی یا خاکی ہو اس پر فوری اثر کرتا ہے۔

باطنی موکل کے لئے:

سورۃ نوح 7 دن تک 41بار اس میں موکل باطنی طور پر تسخیر ہوتے ہیں۔ تنہائی میں 41بار پڑھ کر جب بھی کام کا کہیں گے تو فوری کریں گے۔

عمل حُب و حاضری مطلوب برائے آتشی مزاج:

یہ عمل بہت تیز اور آتشی و بادی مزاج والے مطلوب پہ فوری اثر کرتا ہے۔ بہت سے طالب کو دیا جا چکا ہے اس میں "3" انچ والی 7 کیلیں لے کر ہر کیل پر 11 بار سورۃ یٰس "مطلوب کا تصور باندھ کر دم کریں اور ان کیلوں کو تندور یا پھر چولہے میں ڈال کر گاڑ دیں تا کہ آگ پہنچتی رہے۔ مطلوب فوراً حاضر ہوگا۔

کانٹا نکالنے کے لئے:

کانٹا چبھ جائے یا اندر ٹوٹ جائے تو آک کا دودھ وہاں لگا یا جائے تو کانٹا خود بخود باہر آ جائے گا۔

غصے کا آزمودہ و بہترین علاج:

اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ

جس شخص کو غصہ آتا ہو اسے سوا لاکھ مرتبہ کی تعداد مکمل کروائیں چلتے پھرتے پڑھ سکتا ہے غصے کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔

ھچکی کے لیے:

اگر ہچکی شدید ہو تو ایک عدد فلفل سیاہ یعنی کالی مرچ میں سوئی چبھو کر اسے آگ لگائیں پھر پھونک مار کر آگ بجھا دیں اور جو دھواں پیدا ہو اسے ناک سے اندر کھینچیں دھواں اندر جاتے ہی ہچکی فوری بند ہو جائیگی بہت آزمودہ نسخہ ہے۔

یا بدوح برائے حثب:

یابدوح کی زکوۃ کا طریقہ پچھلے صفحوں میں بیان کیا جاچکا ہے یہاں اس اِسم کا ایک بہت تیز عمل حب کا پیش کیا جاتا ہے جو کہ میٹھی چیز پہ دم کر کے مطلوب کو کھلانا ہے اس عمل کو کرنے کی دو شرائط ہیں ورنہ یہ عمل کرنے والا اُلٹا رجعت میں مبتلا ہو جائے گا۔

پہلی شرط: یابدوح کی زکوۃ نکالنا اور خود عامل ہونا ضروری ہے۔

دوسری شرط: مطلوب کو کھلانا ہے ورنہ مطلوب تابع نہیں ہوگا۔

فوری رشتہ کے لئے :

فوری اور جلد شادی کے لئے لڑکی یا لڑکا خود پڑھے عروج ماہ میں بعد نماز عشاء صرف 11 دن تک 11000 مرتبہ اول آخر درود ابراہیمی 11۔11 دفعہ کے ساتھ "یا مغنی"، جمعرات کی رات سے شروع کرے انشاء اللہ جلد رشتے آنے لگ جائیں گے۔

شوگر چیک کرنے کے لئے اور جسم سے نکالنے کے لئے (کرشماتی عمل)

سورۃ البینہ 7 مرتبہ پانی کی 1/2-1 لٹر بوتل پہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو لٹا کر پیٹ سے سینے تک بوتل کو مریض پہ 7 دفعہ پھیرے۔ بوتل کا ذائقہ تبدیل ہو جائے گا اور میٹھا ہو جائیگا۔ مریض کے جسم میں موجود شوگر پانی میں منتقل ہو جائے گی۔ اجازت عام ہے کر اس عمل کو کریں۔

بسم ۔ مکمل تسخیر خلائق کے لئے:

333 بار بعد نماز فجر اول آخر 7 ۔ 7 مرتبہ درود ابراہیمی سے شروع کرے ۔خلقت رجوع کریگی۔

کسی دوسرے کا عمل چھیننا یا اجازت واپس لینا یعنی کے عمل "اچھوتیا":

اس عمل سے کسی بھی عامل سے اسکا عمل چھینا جا سکتا ہے ساتھ میں عامل کے لئے عملیات کو کوئی دوسرا نہ باندھ سکتا ہے نہ ہی چھین سکتا ہے۔

عزیمت:

راجہ گنج ولی کے لہر سوا گری تے سوا

پھر آوے آوے۔ صنوله پھر نا جاوے۔ پیر گو کے

دا بندھا دھاگہ کرے صفائی۔ اس عزیمت کو 11 دن تک بعد

نماز مغرب 1001 بار کھلے آسمان کے نیچے پڑھے تو اس عمل کا عامل ہوگا پھر جس کسی کا عمل

چھینا ہو اس سے ہاتھ ملانے سے پہلے تین بار منہ میں یہ عمل دھرائے اور ہاتھ ملالے

دوسرے کا عمل قابو میں آجائے گا۔

وظائف و اجازتیں واپس لینا:

"یا ستار یَا ستارُ یا غفار یَا غفارُ"

شاگرد کا تصور رکھ کے 33 بار پڑھے۔

بچے پر حاضری کا عمل حاض و مجرب:

"یا معشر الجنّ" کو 3313 بار اول آخر درود شریف 11-11 دفعہ کے

ساتھ پرہیز جمالی کرتے ہوئے نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ 40 دن مکمل کر کے سوا

کلو چاولوں کی کھیر پہ عمل کے موکلوں کی نیاز دے اور روزانہ 313 بار ورد میں رکھے تا کہ عمل

قابو میں رہے۔ جب بھی حاضری کرنی ہو تو ایک عدد نابالغ بچے کو بٹھا کر اس پہ 21 بار عبارت

عمل کو پڑھ کر دم کرے۔ بچے کو سرخ سی روشنی نظر آئے گی اور پھر ایک موکل حاضر ہوگا جو کہ سوالوں کے جواب دے گا اجازت خاص لے کر عمل کریں۔

عمل برائے شناخت:

سورۃ فاتحہ 3 مرتبہ بغیر آمین کے

سورۃ والصّٰفّٰت 1 مرتبہ "لازب" تک

سورۃ جن 1 مرتبہ شططا تک

سورۃ فلق 1 مرتبہ

سورۃ ناس 1 مرتبہ

یہ آیات پڑھ کے کپڑے کی آستین پہ دم کرتا ہے ناپ کے اگر تو نشان زیادہ ہو جائے تو جنات کا اگر اگر کم ہو جائے تو جادو کا اثر ہے۔ ورنہ پھر بدنی بیماری ہے یہ عمل خود کے لئے اور مریض دونوں کے لئے کر سکتے ہیں مجرب ہے۔

خوبصورتی کے لئے:

"یا مصور" 21 دن 11۔11 درود ابراہیمی کے ساتھ 5000 دفعہ روزانہ عروج میں ماہ شروع کرے اور عرق گلاب پہ دم کر کے چہرے پہ ملیں۔

عمل سدری تسخیر ڈلمے ڈانہ :

اللہ حادی نور پری دا. موج خضر دی . روز

علی دا ڈلمے ڈانہ میرے در پہ کھڑی چیچی پوری سائیاں کیوں دیرا لائیاں۔

نوچندی جمعرات 21 دن 11۔11 بار اول آخر درود شریف۔ تعداد

پہلے دن عمل سے پہلے حضرت علیؓ اور حضرت خواجہ خضرؑ کی نیاز 1/2 کلو برفی یہ دلانی ہے منہ شمال مشرق کی طرف گیلی مٹی یا ریت سمندر کے کنارے کی لا کر اس کے اوپر مصلح بچھا کر رات کو 12 بجے عمل شروع کرنا ہے اگر بتی سلگا کر پڑھانا ہے کوئی حصار نہیں ہے عمل بہت ہی خاص اور پر تاثیر ہے۔

عمل تسخیر موہنی دیوی:

"موہنی موہنی میں پکاروں موہنی تیرا نام بھری سبا کے بیچ دیکھوں موہنی تیرا کام۔ چل موہنی راجا اندر کے اکھاڑے کی رانی۔ موہنی حاضر شو حاضر شو حاضر ہو کر میرا کام کر یَا قدیئہ یاَ قادِرُ۔ موہنی کو کرو حاضر"

نوچندی سینچر یا اتوار کی رات 12 بجے۔ منہ شمال مشرف تعداد۔۔۔۔

2 اگر بتی۔ اصلی دیسی گھی کا چراغ۔

5 رنگ کی مٹھائی 5 عدد گلاب کے پھول

1 گیندے کا ہار (مالا)

عمل حاضری مطلوب (موھنی):

نوٹ: یہ عمل با اجازت وہی کرے جس نے موہنی دیوی کا تسخیر کا عمل کیا ہوا ہے تو بہتر ہے۔عزیمت:

"موہنی کر موہنی شنکر کی بیٹی پربت کی لالی۔ منگل کے جنگل میں منگل کر وہ آنی /آیا وہ آنی /آیا فلاں بن /بنت فلاں بھاگی /بھاگا ہوا میری طرف آئے نہ آئے کلیجہ پھٹا جائے۔ ہرن کی برن کر لے آسوا گھری سوا پہر کے اندر حاضر کر"

سات رنگ کی مٹھائی سامنے رکھ کے پڑھنا ہے دو اگر بتیاں METRO MILLION منگل کے دن مغرب کے بعد سات دن کا عمل ہے تعداد۔۔۔۔۔ گوشت نہیں کھانا۔

روحانی قوت میں اضافہ کے لئے:

"یاَ عَلِمُ الغیوب" 1000 بار 41 دن تک بعد نماز عشاء پڑھنا مجرب و آزمودہ ہے اول آخر 11۔11 بار درود شریف کے ساتھ قمر در عقرب کا خاص خیال رکھ کر شروع کرے نہیں تو اثر الٹا ہو جائیگا۔

استخارہ تسبیح سے استخارہ :

101 بار سورۃ فاتحہ اول آخر درود ابراہیمی 11-11 دفعہ کے ساتھ 41 دن تک بعد نماز عشاء کوئی پرہیز نہیں ہے عروج ماہ میں شروع کرے۔ بس وقت اور جگہ کی پابندی کرنی ہے اس کے بعد جب بھی عمل کرنا ہو تو اور کسی بھی مقصد کے لئے استخارہ کرنا ہو تو تسبیح کو ہاتھ میں لے کر سورۃ فاتحہ پڑھنی شروع کردے۔ جب آیت احد صراط المستقیم پر پہنچے تو بار بار اس کی تکرار کرے اور تسبیح کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کی مدد سے لٹکائے رکھے۔ انشاء تسبیح میں حرکت پیدا ہوگی اور اگر تو تسبیح آپ کی سید میں حرکت کرے تو جواب ہاں میں ہے نہیں تو اگر دائیں بائیں حرکت کرے تو جواب نہ میں ہے اور کام کا ارادہ ترک کردے۔ اس عمل سے اپنے علاوہ دوسروں کا استخارہ بھی بیٹھے بٹھائے کرسکتا ہے ایک دن میں تین دفعہ سے زیادہ استخارہ نہ کرے۔ مطلب تین سے زیادہ سوالات نہ کرے۔

برائے رفع حاجات اور مستجاب دعوات ہونے کے لئے :

"حسبُنا اللہ وَ نِعمَ وَ کِیل"

اس آیت کریم کے اعمال اور زیارتیں سلسلہ چشتیہ اویسیہ کے بزرگان میں بہت عام ہیں اور مریدین اکثر و بیشتر روزمرہ کے وظائف میں رکھنے اور اپنا معمول بنانے کے لئے دی جاتی ہیں اس کی زکوۃ کے کئی قائدے مختلف استادوں سے میرے تک پہنچے ہیں ان میں کچھ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ درجہ اول

آیت کے اعداد کے مطابق 450بار 40دن تک فجر کی نماز کے بعد اول آخر درود چشتیہ اویسیہ کے 11 دفعہ کے ساتھ۔

2۔ درجہ دوئم:

2500 مرتبہ 100 دن تک کل ملا کے 2-1/2 لاکھ کی تعداد مکمل ہوگی۔

طریقہ سے پہلے درجے والا:

3۔ درجہ سوئم:

450000 مرتبہ جتنے چاہے مرضی دن میں پورا کرلے۔

صرف گوشت اور زبان کا پرہیز ہے کسی کو بد دعا نہ کرے کیونکہ جو بات بھی منہ سے نکالے وہ پوری ہونے لگ جائے گی۔

4۔ درجہ چارم با موکل:

450بار ہر نماز کے بعد اور 4500بار رات 11 بجے اول و آخر درود چشتیہ و اویسیہ 11۔11 دفعہ کے ساتھ 41دن تک جلالی پرہیز کے ساتھ سفید لباس زیب تن کر کے اور گوگل کا بخور جلا کے عمل کرے موکلان وجودی حالت میں تابع ہو جائیں گے۔ با اجازت عمل کرے۔

مجرب ترین حصار:

سورۃ توبہ کی آخرے دوسری آیت لقد جاء کم رسول ۔۔۔۔۔ مکمل سورۃ تک 11 بار پڑھ کے اپنا حصار کرلیا کرے یہ حصار بہت مجرب وخاص ہے اور زکوۃ کا طریقہ بہت آسان ہے صرف 41 بار عشاء کی نماز کے بعد اول آخر درود چشتیہ اویسیہ 11۔11 دفعہ کے ساتھ 33 دن تک آخری دن 7 نمازیوں کو پیٹ بھر کے کھانا کھلائے۔ عمل قابو میں آجائے گا روز 11 دفعہ ورد میں رکھے اور جب بھی کوئی باموکل یا جلالی جمالی عمل کرے یا کسی مریض پہ آسیب حاضر ہوا ہو تو صرف 11 بار پڑھ کے گول دائرے میں حصار کردے۔ آسیب بھاگ نہ سکے گا سفلی عملیات میں اس حصار یا دوسرے قرآنی حصاروں کا استعمال ہرگز نہ کرے۔ اس حصار کے عامل پر جادو وتعویزات ودیگر آفات وبلدیات مشکل سے اثر کرتی ہیں اور عامل کو کسی اور حصار کی ضرورت نہیں رہتی۔

سورۃ یٰس برائے حاجت روائی:

11 دن تک سورۃ یٰس پہلی مبین تک اس کے بعد "یا قدوس" 1001 بار اول آخر 7۔7 بار درود شریف کے ساتھ انشا اللہ حاجت برآئے گی اور غیب سے اسباب پیدا ہونگے۔

عمل تیز ترین ومجرب خاص برائے حُب:

وَاَلَّفَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِی الۡاَرۡضِ

جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ

بَيْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (۲۳) (الانفال :۲۳)

اس آیت حب پہ بہت سے بزرگان واکابرین کا اتفاق ہے کہ یہ حب کے عملیات میں سب سے زوراثر عمل ہے 11 دفعہ اول آخر 41 دفعہ درود شریف کے ساتھ ہر نماز کے بعد زیادہ جلدی اثر کرنے کے لئے 101 بار ہر نماز کے بعد 11۔11 دورد شریف کے ساتھ عروج ماہ میں شروع کرے۔

سورۃ جن کی زکوٰۃ:

نوچندی اتوار سے شروع کرے اور 41 دفعہ اول آخر 41 دفعہ درود شریف کے ساتھ 41 دن تک کرے۔ آخری دن بچوں میں مٹھائی تقسیم کردے۔ بعد نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ بااجازت کرے۔

قید سے رہائی کے لئے :

27 دفعہ روز پڑھ کر دعا کرے بعد نماز مغرب عمل شروع کرے اول و آخر 3۔3 باردرود ابراہیمی کے ساتھ قیدی کے عزیز واقارب بھی کر سکتے ہیں۔

کسی خاص مقصد کے لئے :اوپر دیے گئے طریقے کے مطابق پڑھے یعنی کے 27 دفعہ روز سورۃ جن کے اور اعمال آگے صفحات پر آئیں گے۔

تسخیر خلائق کا آزمودہ عمل :

تسخیر خلائق کے لئے روزانہ 3125 بار آیت ذیل کو بعد نماز عشاء 41 دن تک پڑھیں اول آخر 11۔11 دفعہ درود ابراہیمی کے ساتھ اس کے بعد مداومت کے لئے 1200 بار روز پڑھ لیا کریں زبردست تسخیر خلائق ہوگی اور ہر شخص عزت سے پیش آئے گا اور بات مانے گا۔

سبحن الذی(۱۳) سخر لنا هذا و ما لنا له مقرنین و انا الی ربنا لمنقلبون (۱۴)(زخرف ۱۳۔۱۴) 41دن کے بعد اس آیت کا نقش آتشی موم جامہ کرکے پہن لیں۔ مرد ہے تو سیدھے بازو پر اور اگر عورت ہے تو الٹے بازو پر نقش مشتری یا قمر کی ساعتوں میں مشک و عنبر و ایرانی زعفران سے تیار کرکے پہن لیں۔

نقش مندرجہ ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸	۱۱	۲۴۶۷	۱
۲۴۶۶	۲	۷	۱۲
۳	۲۴۶۹	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۴۶۸

(نقش مربع آتشی چال سے پر کریں)

تسخیر خلائق کا ایک اور مجرب عمل :

يَاْ مَنْ هُوَ الْعَزِيْزُ الْمَنِيْعُ الْغَالِبُ.

ان کلمات کو پرہیز جمالی کے ساتھ 3200 مرتبہ 25 روز تک پڑھیں۔ عمل عروج ماہ اور اول آخر درود چشتیہ 21۔21 دفعہ کے ساتھ پڑھنا ہے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمتہ اللہ کا عمل حُبّ:

بعد نماز عشاء کپڑوں پر عطر و خوشبو لگائے اور دوزانو مودب بیٹھ کر یہ درود شریف چشتیہ اور یہ 360 مرتبہ مطلوب کا تصور باندھ کرے۔

سورۃ جن کی آتشی حاضرات:

اس حاضرات کی سب سے بڑی خوبی یہ کہ عامل اس کا خود مشاہدہ کر سکتا ہے طریقہ یہ کہ اول آخر 7۔7 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 7 بار سورۃ جن رات گیارہ بجے عروج ماہ میں شروع کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے سامنے ایک چراغ مٹی کا لے کہ چنبیلی اور سرسوں کے تیل کا روشن کرے اور کمرے میں ہلکی روشنی رکھے اور چراغ کی لو میں دیکھ کر عمل پڑھے نظر نہ ہٹائے انشاء جلد ہی 3 جنات حاضری دیں گے 21 دن پورے کر کرے بات کرے سوالات کے درست جوابات دیں گے۔ بہت آسان عمل اور سینے کا راز لکھ دیا ہے اجازت لے کر کریں اور خود بھی پہلے سورۃ جن کی زکوۃ نکال لیں پرہیز صرف جمالی کرنا ہے۔

تسخیر ارواح علوی و سفلی ہم اقسام :

سفلیات کا سرتاج اور سب سے تیز عمل ہے اس عمل کے ذریعے تمام اقسام کی ارواح و جنات لونا جماڑی، موہنی، ام شب، کالکا مائی، مائی سٹالا، بسنو مان، بھیروں، نارسنگھ بیر، کالا کلوا، سندونی وغیرہ جس کو چاہے مرضی تسخیر کیا جا سکتا ہے۔ جس جس چیز کو تسخیر کرنا ہے اس کی نیت دل میں رکھ کر عمل پڑھنا ہے اور 41 بار سورۃ جن پڑھنی ہے اور عمل کے آخر پر بحق فلاں حاضر شو حاضر شو حاضر شو صرف ایک بار کہنا ہے فلاں میں جس چیز کو بھی تسخیر کرنا ہے اسکا نام لینا ہے۔ چھوٹے موٹے دیوی دیوتا و جنات 21 دن میں جبکہ عفریت جیسے جنات و سفلی موکلین 41 دن میں تسخیر ہو جاتے ہیں۔ اجازت لازمی ہے۔

بے خطا حصار:

سورۃ جن کا عامل کسی بھی جلالی و جمالی چلے کے دوران یا پھر کسی مریض پہ حاضری کے وقت کسی آسیب کو قید کرنے کے لئے 3 بار سورۃ جن لوہے کے چاقو پر پڑھ کر اپنا و مریض کا حصار کر سکتا ہے۔ بہت قوی حصار ہے۔

نقشہ دوستی و دشمنی عناصر:

عنصر: آتشی بادی آبی خاکی

دوست: بادی آتشی خاکی آبی

مساوی: خاکی آبی بادی آتشی

دشمن: آبی خاکی آتشی بادی

ایام ھفتہ مع اعداد:

دن	شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ
اعداد	۳۵۷	۳۸۷	۳۶۷	۴۲۲	۵۶۶	۲۱۲	۱۱۸

حروف کی کیفیات /عناصر کا نقشہ:

آتشی:	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی:	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی:	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی:	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

کس حرف کا تعلق کس ستارہ سے ھے:

زحل:	ا	ب	ج	د
مشتری:	و	ز	ح	ہ
مریخ:	ط	ی	ک	ل
شمس:	م	ن	س	ع
زہرہ:	ف	ص	ق	ر
عطارد:	ش	ت	ث	خ
قمر:	ذ	ض	ظ	ع

ساعت معلوم کرنیکا طریقہ:

روز کی ساعتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ کیونکہ ساعت کا وقت طلوع آفتاب وغروب آفتاب کی مناسبت سے نکالا جاتا ہے جس میں روز تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے یہاں ایک بات اور بھی واضح کرتا چلوں کے دن اور رات کی ساعتیں علیحدہ علیحدہ نکالی جاتیں ہیں اور دونوں میں فرق ہوتا ہے جیسا کہ گرمی کے موسم مین دن لمبے ہوتے ہیں اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی طرح دن کی ساعتیں بھی لمبی اور رات کی چھوٹی ہوگی اور بالکل اسی طرح سردیوں میں الٹ حساب ہوتا ہے اس لیے سب سے پہلے اگر تو دن کی ساعتیں معلوم کرنی ہوں تو طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کا وقت معلوم کر کے 12 سے تقسیم کر دے تو ہر ایک ساعت کا برابر وقت نکل آئے گا۔ پھر ذیل کی نقشہ دیکھیں۔ جس دن کے سامنے جو ستارہ لکھا ہے وہ اس دن کی پہلی ساعت یعنی طلوع آفتاب کے وقت یہی ستارہ ہوگا اور اس کے بعد نیچے دیا گیا ستارہ پھر اس کے نیچے کا اس طرح نقشہ کے آخر تک پھر اول سے شروع ہوگا۔

نقشہ ساعت:

سنیچر:	۷	زحل
جمعرات:	۶	مشتری
منگل:	۵	مریخ
اتوار:	۴	شمس
جمعہ:	۳	زہرہ
بدھ:	۲	بدھ
پیر:	۱	قمر

مثلاً:

اتوار کے دن پہلی ساعت شمس کی، دوسری ساعت زہرہ کی ہے، پھر عطارد کی تیسری ساعت، چوتھی قمر کی، پانچویں ساعت زحل کی ہے۔ چھٹی ساعت مشتری کی ہے، ساتویں ساعت مریخ کی ہے آٹھویں ساعت پھر شمس کی ہے۔ صحیح ساعت میں عمل یا تعویز کرنا بہت ضروری اور تمام عملیات کا لازمی اور سب سے اہم جز ہے۔ قرآن میں ارشاد پاک ہے۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ

ترجمہ:

یعنی ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کی ہیں۔

ایک اور جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ" یعنی آسمان میں بروج کا ہونا ثابت ہے گو کہ تعداد بیان نہیں کی گئی لیکن علم نجوم نے آسمان پہ 12 برج اور 7 سیارگان تقسیم کئے ہیں۔

نقوش کی چالیں:

مثلث نقوش:(3x3 کی چالیں):

آتشی

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

بادی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

آبی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

خاکی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مربع نقوش :(4x4 کی چالیں)

آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بادی

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خاکی

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

آبی

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۲	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

نقوش پُر کرتے وقت ان چالوں اور عناصر کا خاص خیال رکھے اور طالب مطلوب کے عناصر بھی مدنظر رکھے۔ علاوہ ازیں ان شرائط پہ چلے، بغیر نقش کام نہیں دے گا۔

ابجدِ قمری اجمل کبیر مع اعداد:

ا	ب	ج	د	ه	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجدِ قمر اور جدول شمسی کے علاوہ اور بھی بہت سی جدول ہیں لیکن زیادہ تر ابجدِ قمر کو ہی لیا جاتا ہے۔

ہر طرح کے جادو سے حفاظت کیلئے ایک صحابیؓ کی دعا:

یہ عزیمت حضرت کعبؓ سے منسوب ہے وہ فرماتے ہیں کہ اگر میں اس عزیمت کو نہ پڑھتا تو یہودی مجھے گدھا بنا دیتے۔

عزیمت:

اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَا

وِ رُ هُـنَّ بِـرٌّ وَ لَا فَا جِرٌ وَ اَ عُوۡذُ بِا اللّٰهِ الۡبَلِیِّ الۡعَظِیۡمُ

الۡـحَـجلِیۡلِ الۡنِ ی لَا یَخۡتَصَرُ جَا رُ ہُ الَّذِ یۡ یُمۡسِکُ

السَّـمَاءُ اَنۡ قَعۡعَ عَلٰی اۡلاَ رۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ مِنۡ شَرِّ التَّا

مَّۃِ وَ الۡھَـا مَّۃِ وَ مِنۡ شَرِّ مَا ذِرۡ اَ فِی الۡاَ رۡضِ وَمِنۡ شَرِّ

مَـا یَـغۡـرُ جُ مِـنۡـھَـاً وَ مِنۡ شَرِّ مَا یَنۡزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا

یَعۡرُ جُ فِیۡھَا وَمِنۡ شَرِّ مَا ذَ رَا وَ مِنۡ شَرِّ کُلِّ ذَا بَّۃِ اَنۡتَ

اخِنۡ بِنَاً مِیَھَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَابِ مُسۡتَقِیۡم۔

اس عزیمت کو روزانہ صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جمیع آفات اور بلدیات ارضی وسماوہ سے محفوظ وسلامت رہے اور سحر سفلی وعلوی و جادو ٹونہ ابطال وسحر اہل ہنود وسحر سامری وسحر جادوئے بنگلہ وسحر یہودی سے محفوظ و مامون رہے گا۔

تسخیر پری کا سات یوم کا عمل:

عزیمت:

أَجِبۡ یَا شَازِ مُوۡخِ یَاۤ بَاۤ زِ یُوۡخِ یَاۤ طُوۡخِ

اس عمل کی ریاضت صرف 7 یوم 3483 مرتبہ کرنی ہے۔ عمل بعد نماز عشاء خلوت نشین ہو کر اندھیرے میں پڑھیں۔ ساتویں روز ایک پری حاضر ہوگی۔ شرائط دیکھ کے طے کریں۔ پرہیز جلالی

وجمالی کے ساتھ غیر شادی مرد عمل کر سکتا ہے۔ اجازت لینا لازی ہے نہیں تو رجعت کا نتیجہ ہے۔

دشمن کے شر سے بچنے کیلئے:

یاَ مُنعِمُ یاَ جاَ فِعُ یاَ مَنّاَنُ

دشمن کے شر سے بچنے کیلئے 321 بار روزانہ بعد نماز عشاء

برائے کُشائشِ رزق:(مجرب ترین عمل):

حدیث پاکؐ سے سورۃ واقعہ رزق کے لئے پڑھنا ثابت ہے اس لئے اس سے بڑا کوئی دوسرا عمل نہیں طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز مغرب 11 بار روز 41 دن تک اول آخر 11 بار درود شریف کے ساتھ اگر اس عمل سے پہلے سورۃ واقعہ کی زکوۃ دے دی جائے تو سونے پہ سہاگہ والی بات ہوگی جس کا طریقہ یہ ہے کہ 41 بار بعد نماز فجر 11 بار اول آخر درود ابراہیمی کے ساتھ اور آخری دن 2-1/1 ڈیڑھ کلو کھیر بنا کر بچوں میں تقسیم کردے ساتھ میں عمل شروع کرنے سے پہلے یہ نقش مربع آتشی چال سے مشک وزعفران سے پُر کر کے اگر مرد ہے تو سیدھے بازو پہ اور اگر عورت ہے الٹے بازو پہ باندھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۷۶	۱۷۹	۱۸۳	۱۶۹
۱۸۶	۱۷۰	۱۷۵	۱۸۰
۱۷۱	۱۸۵	۱۷۷	۱۷۴
۱۷۸	۱۷۳	۱۷۲	۱۸۴

زکوۃ کے لئے 101 نقوش روزانہ بعد نماز عشاء لکھے 41 دن تک عروج ماہ میں مشتری کی ساعت میں لکھے ایک دو ہفتہ بعد نقش آٹے میں، گولیاں بنا کر دریا یا تالاب جہاں، مچھلیاں ہوں وہاں ڈالتا رہے، پھر یہ نقش کشائش رزق وروزگار کے لئے دوسروں کو بھی دے سکتا ہے۔

خواب میں حاضرات اور ہر قسم کی خبریں معلوم کرنا اور ہر طرح کے کشف کا مجرب و خاص عمل:

مندرجہ ذیل نقش ایک سفید کاغذ پہ مشک وزعفران سے تحریر کر کے اپنے تکیہ میں رکھیں اور سورۃ ملک ۲۸ مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ آخر میں ایک مرتبہ "اللّٰھُمَّ ارنی کذا وکذا" پڑھیں اور مقصد دل میں رکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ک	ه	ی	ع	ص
ه	ی	ع	ص	ک
ی	ع	ص	ک	ه
ع	ص	ک	ه	ی
ص	ک	ه	ی	ع

"اللّٰھُمَّ ارنی کذا وکذا"

عمل خاص برائے بندش یعنی کے حروفِ صوامت:

حروف صوامت بندش کے اعمال میں سب سے زیادہ کیا جانے والا اور بہت مشہور عمل ہے۔ بازاری عاملین وکتب میں اسے بہت بڑھا چڑھا کے بیان کیا جاتا ہے تاکہ عام عوام اسکو خود سے کرنے کی کوشش نہ کریں اور اگر تو عامل اسکا عمل کروانے پہ راضی بھی ہو جائے تو کافی موٹی رقم کا تقاضا کرنے کے باوجود بھی صحیح طور سے رہنمائی نہیں کرتے لیکن در حقیقت یہ عمل نہایت آسان ہے چونکہ یہ کتاب سلسلہ چشتیہ کے بزرگان کی رہنمائی میں تحریر وترتیب دی گئی ہے اس لئے یہ عمل بھی من وعن اور بلا کسی بخل کے تحریر کیا جارہا ہے۔

حرف صوامت ابجد کے ان حروف کے مجموعے کو کہتے ہیں جو کہ بلا نقطے کے۔ا،ح،د،ر، س،ص،ط،ع،ک،ل،م،و،ہ،۔ان حروف کے کل اعداد قمری 543 بنتے ہیں۔اور زکوۃ نکالتے وقت 543 بار لکھا جاتے ہیں۔ان حروف کو آپس میں ملانے سے کچھ اس طرح ترتیب دیے جاتے ہیں۔

"احد رسص طعك لموه"

زکوۃ نکالنے کا ایک طریقہ جو کہ بہت عام ہے وہ یہ ہے کہ اس سطر کو 543 بار سورج گرہن یا چاند گرہن میں سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے تحریر کیا جائے تو ایک ہی دن میں حروف صوامت کا عامل ہو جائے گا۔لیکن یاد رہے کہ گرہن کے اوقات میں نکالی گئی زکاتوں کا اثر ایک گرہن سے دوسرے گرہن تک ہی رہتا ہے پھر نئے سرے سے زکوۃ

نکالنی پڑتی ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ صوامت کو 543 بار لگاتار 13 دن تک نزول ماہ میں زحل یا مریخ کی ساتوں میں بعد نماز مغرب لکھنا شروع کرے اور مسلسل 13 دن تک روز 543 بار لکھے جس ساعت میں پہلے دن شروع کیا ہے اس ستارے کی ساعت میں روز لکھنا ہے ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے اس بات کا خاص خیال رکھا جائے۔ لکھنے کے بعد کاغذات کو کالے کپڑے میں لپیٹ کا کسی ویران جگہ یا قبرستان میں دفن کر دیا کرے۔ یہا ں پہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ حروف صوامت کا غالب مزاج ''خاکی'' ہے۔ جس عمل میں جس مزاج کے حروف کی زیادہ تعداد ہوتی ہے وہی اس عمل کا غالب مزاج ہوتا ہے۔ اسی نقطہ کے پیش نظر حروف صوامت کو مٹی میں دبایا جاتا ہے۔ زکوۃ نکالنے کے بعد اب ہر قسم کی بندش کی جا سکتی ہے۔ مثال کے طور پر کسی کا نکاح باندھنا مقصود ہے تو سب سے پہلے ''بسعتم'' لکھے پھر جو مقصد ہے وہ تحریر کرے پھر جس پہ عمل کرنا ہو اس کا نام بمعہ والدہ لکھے اور آخر میں تفصیل لکھے۔ مثال کے طور پر مطلوب کا نام شمس بن زبیدہ ہے تو عبارت کچھ ایسے بنے گی۔

"بستم "نکاح شمس بن زبیدہ ہرگز کبھی نہ کر سکے"

عبارت بنانے کے بعد اس عبارت کو توڑ کر علیحدہ علیحدہ حروف کی شکل دے دے اور ہر حرف کے اوپر ایک ایک حروف صوامت کو لکھتے جائیں۔ پھر ان تمام حروف کو اکٹھا کر کے ایک طلسم بنائیں اور یہی اصل حروف صوامت کا تعویز کہلائے گا۔

تفصیل نیچے دیکھیں:

ا ح د ر س ص

ب س ت م ن ک

ابحس دترم سنصک

ط ع ک ل م د

ا ح ش م س ب

طاعح کشلم مسدب

و ا ح د ر س

ن ز ب ی د ہ

وناز حبدی ردسہ

ص ز ع ک ل م

و ر گ ز ک ب

صوزر عگکز لکمب

و ہ ا ح ذ ر

ہ ی ن و ک ر

وہہی انحو ذکرر

س ص ط

س ک ے

سسصک طے

اب جو طلسم تیار ہوا وہ کچھ یوں بنا:

اجبس وترم سفک طائع کشلم

مسوب ہناز جبدی ردسہ صبجر

علکو لکب وجمی انحہ دکرر

سسعک طے

بظاہر ایک نہ سمجھ میں آنے والی عبارت ہے لیکن درحقیقت یہی اوپر دی گئی مثال کا طلسم ہے۔ یہ طلسم دو عدد لکھے جائیں ایک ویران جگہ دفن کرے اور دوسرے کو کسی دریا ندی وغیرہ کے کنارے گیلی مٹی میں کالے کپڑے میں کر کے مطلوب پہ بندش لگ جائے گی۔ موقع محل کی نزاکت سے اپنی مرضی کے مطابق عبارت تحریر کر کے بندش کا طلسم تیار کرسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ جس پہ بندش لگانی ہو اس کا نام بمعہ والدہ پتہ ہونا ضروری ہے حروف صوامت سے جتنی جلدی بندش لگتی ہے اتنی جلدی رجعت بھی ہوتی ہے رجعت سے بچاؤ کے عمل یا کسی حصار کا عامل ہونا ضروری ہے پھر اس عمل کو کرے۔

برائے حاضری موکل مجرب خاص عمل:

"وَاللہُ سمِیْعٌ اُلعَلیمْ" 41 دن تک اول آخر درود ابراہیمی 11 دفعہ کے ساتھ نو چندی جمعرات سے شروع کر اور علیحدہ کمرے میں گوگل یا اگر بتیاں سلگا کر پڑھے اور کمرے میں کسی اور کو آنے جانے نہ دے۔ رات 10 بجے تک شروع کرے۔ قبلہ رخ بیٹھے۔ کسی قسم کے حصار کی ضرورت نہیں ہے۔ 4 گھنٹے کی پڑھائی ہوتی ہے اور پہلے ہی عشرے میں اثرات

شروع ہو جاتے ہیں۔ آخری دن عمل ختم کر کے بات کر سکتا ہے پرہیز صرف گناہوں کا اور بڑے گوشت کا کرنا ہے اور عمل سے پہلے 1/2-1 کلو بڑے کا ہڈی والا گوشت صرف پہلے دن کسی قبرستان میں رکھ آئے۔ اجازت لے کر کرے۔

عبادت و یاضت میں شوق پیدا کرنا :

اگر طبیعت نیکی کی طرف مائل نہ ہوتی ہو اور کوئی بری عادت نہ چھوٹتی ہو تو سوتے وقت اپنا دائیں ہاتھ سینے پہ رکھ کر 7 مرتبہ یہ اسم پڑھے۔ بہت جلد عبادت و ریاضت کا شوق پیدا ہوگا۔ عذاب قبر کا خطرہ ہو تو اس سے بھی محفوظ رہے گا۔

استخارہ آسان و مجرب :

یہ استخارہ نہایت آسان و مجرب ہے۔ جس چیز کے بارے میں جاننا ہو تو ۸۱۲ مرتبہ سوتے وقت اسم باری تعالیٰ ''یا خبیر'' پڑھ کر کسی سے بات کیے بغیر سو جائے۔ پہلے، تیسرے، پانچویں دن یا پھر حد ساتویں دن بذریعہ خواب فائدہ مند یا نقصان دہ انجام کا پتہ لگ جائے گا۔

حفاظت کے لئے :

بعد نماز عشاء 500 مرتبہ ''یا حفیظ'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے ہر چیز انسان، جانور، جادو جنات و شیاطین اور علوی و سفلی ارواح خبیثہ، نظر بد، تمام آفات و بلدیات ارضی و سماوی سے حفظ و امان میں آجائے گا۔

برائے یاداشت:

جس کی یاداشت کمزور ہو ہر نماز کے بعد 40 دفعہ ''ربِّ زِدْنِی عِلْمًا نافعیا'' اور

100 بار "یا عزیز" 41 دن تک پڑھے افاقہ ہو جائے گا۔

برائے ہلاکت:

سورۃ ناس 11 سو مرتبہ پڑھ کر 11 دن سرسوں کے دانے پر دم کرے اور آخر میں دشمن اور اس کی والدہ کا نام لیتا رہے۔ آخری دن یہ دانے دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ جائز جگہ کرے نہیں تو الٹی رجعت کا اندیشہ ہے اور اس عمل میں درود شریف نہیں پڑھنا۔ منگل یا ہفتہ کے روز شروع کرے اور نزول ماہ میں کرے۔ اگر قمر در عقرب میں شروع کرے تو بہت بہتر ہے۔ اجازت لے کرے یا پھر پہلے سورۃ ناس کی زکوۃ نکالے۔

برائے سر درد:

سورۃ ناس 7.7.7.7 مرتبہ پڑھ کے دم کرے۔ یعنی 7 بار پڑھ کر ایک بار دم کے یوں کل 4 مرتبہ دم کرنا ہے۔ انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

دل پہ بوجھ اور بے چینی کے لئے :

"ولاحولَ ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم"

333 بار کا ورد کرے نفس اور شیاطین کے شر سے بھی محفوظ رہے گا۔

باطنی نظر کھولنے کے لئے آزمودہ عمل :

اگر کسی کی باطنی نظر نہ کھلی ہو یا کسی اور عامل نے کسی عمل کے ذریعے حاضرات پہ بندش لگا دی ہو تو اس کے حل کے لئے

”قَلۡبِیۡ قُطۡبِیۡ قَاِیۡب لُبۡنَا نِیۡ سَرِیۡ حضِ یٰ غیۡنَہٗ
عُرۡفَانِیۡ ھَارُ ونَ عقۡلِیۡ فرعونِیۡ نَفۡسِیۡ وَ الۡھَوارُ
ھَا مانِیۡ“

101 بار غروب آفتاب کے وقت پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے 21 دن تک مغرب کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر عمل کرے۔

تسخیرِ جنات کا موثر ترین عمل خاص:

”یَا لُطِیۡفُ بِی لُطۡفِ کا یَا لَطِیۡفُ۔اُمۡ شَبۡ اُمۡ
شَبۡ “ حاضرِ شَاوِ ذکا کِیلاَ الاَّ اللّٰہُ وَسیلاَ۔تمام جن ملائک
تابع وحاضر کر یاحضرت ونی جبۡرَا نیِلَ “

41 دن تک تعداد 7-7 مرتبہ اول آخر درود ابراہیمی کے ساتھ رات 12 بجے اپنے پیچھے چمبیلی کا چراغ جلا کر پڑھنا ہے۔روز غسل کر کے نیا کپڑا یا دھلا ہوا سفید رنگ کا جوڑا پہن کر عمل کرے۔ چراغ اپنے سر کے سائے سے اونچا نہ ہو۔عمل کے دنوں میں کوئی عورت کمرے میں نہ آئے۔اپنے سائے کی گردن میں دیکھ کر عمل پڑھنا ہے۔اگر بتی عطر وغیرہ جلانی ہے۔آخر میں چار جنات کوئی ہیکل آتے ہیں جن کے سر منڈے ہوئے ہوتے ہیں۔عمل کر کے شروع پر ایک کالے رنگ کا بکرا صدقہ کرنا ہے اجازت لازمی لے کر کرے۔

دشمن کو زیر کرنا:

اس مقصد کے لئے ''یا قہار یا جبار'' 4100 مرتبہ عصر کی نماز کے بعد شمال کی طرف منہ کر کے 11 دن تک دشمن کا تصور باندھ کر پڑھے۔ غیر شرعی جگہ کسی کو بلا وجہ تنگ کرنے اور نقصان پہنچانے کی نیت سے ہرگز نہ کرے۔ اجازت لینا لازمی ہے ورنہ رجعت کا امکان ہے۔ بہت جلالی اسماء ہیں۔

بچوں کے سوکھے کا علاج:

''یاَ قَہَّا رُ'' اس کے اعداد کے مطابق یعنی 306 بار سرسوں کے تیل پہ دم کرے روز لائے انشاءاللہ بچہ جلدی تندرست و توانا ہو جائے گا۔

جادو ختم کرنے کے لئے:

''یاَ قَہَّا رُ'' کو 7 دن تک 1836 مرتبہ پانی پہ دم کر کے پلائیں اور پہلے 11 بار آیت الکرسی اور آخری میں 11 بار سورۃ ناس پڑھیں۔

آسیب زدہ جگہ اور آسیب زدہ کا علاج:

''یا قہار'' اس جگہ یا شخص پر 200 مرتبہ روزانہ 11 دن تک پڑھ کر پانی پہ دم کر کے چھینٹے لگائیں۔ ورد کر کے شروع میں 11 بار آیت الکرسی اور آخر میں چاروں قل 11 بار پڑھیں۔

رشتے کے لئے:

سورۃ طٰحٰہ 21 بار روزانہ اول آخر درود شریف 11-11 مرتبہ کے ساتھ فجر کی نماز

کے بعد پڑھیں اور دعا کریں۔ انشاءاللہ جلد ہی رشتے آنا شروع ہو جائیں گے۔

ریاضت برائے "یَاَ قَہَّارُ":

"یَاَ قَہَّارُ" جلالی اسم ہے اور اس کے کل اعداد بحساب ابجد قمری

306 ہیں۔ اس کے معنی "قہر" کرنے کے ہیں۔

درجہ اول:

زکوٰۃ اصغر یا پھر "یَاَ قَہَّارُ" کا کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے 4 دن تک

306 بار اول آخر درود ابراہیمی 11-11 دفعہ کے ساتھ بعد نماز عشاء پڑھے۔ یہ زکوٰۃ صرف

ایک بار ہی کام دے گی۔

درجہ دوم:

2317 بار اول آخر درود ابراہیمی 11-11 بار کے ساتھ 41 دن پڑھے۔ خود

کے لئے "یاقہار" کے تمام عملیات کر سکتا ہے۔

درجہ سوم:

"9000" مرتبہ اول آخر درود ابراہیمی 41 مرتبہ کے ساتھ 61 روز تک پڑھے

اس اسم کا عامل کامل ہو جائے گا۔ آخری دن شیرنی اور کالی مسور کی دال 1/2-1 کلو پکا کر نیاز

تقسیم کرے اور پرہیز جمالی کرے۔ اجازت لے کر عمل کرے۔

نوٹ:

تمام درجوں کی زکوۃ کے بعد 306 بار اول آخر درود ابراہیمی 3-3 بار کے ساتھ روز کا ورد میں رکھے نہیں تو 3 دن لگا تار ناغے کی صورت میں زکوۃ کا اثر زائل ہو جاتا ہے اور نئے سرے سے زکوۃ ادا کرنی پڑتی ہے۔

سورج گرھن اور چاند گرھین کے اوقات

اس سال 4 گرہین ہونگے جن میں 2 سورج اور 2 چاند شامل ہیں

سورج گرھین (کسوف):

یہ گرہین 2 مارچ 2015 ء بروز جمعۃ المبارک کو لگے گا۔ یہ گرہین پاکستان کے کسی علاقے میں نہیں دکھائی دے گا۔ یہ گرہین رات 12 بج کر 40 منٹ پر شروع ہوگا جبکہ دن 4 بج کر 50 منٹ پر ختم ہوگا۔ یہ گرہین مکمل گرہین ہوگا اس گرہین کو شمالی افریقہ، شمالی ایشیا کے چند مقامات پر دیکھا جاسکتا ہے۔

چاند گرھین (خسوف):

یہ گرہین 4 اپریل 2015 ء بروز ہفتہ کو لگے گا۔ یہ گرہین دن 3 بج کر 15 منٹ پر شروع ہوگا جبکہ شام 6 بج کر 16 منٹ پر ختم ہوگا۔ یہ گرہین جزوی ہوگا جو پاکستان میں نظر نہیں آئیگا۔ اس گرہین کو شمالی ایشیا، آسٹریلیا امریکہ کے بیشتر علاقوں میں دیکھا جائے گا۔

سورج گرھین (کسوف):

یہ گرہین 13 ستمبر 2015 ء بروز اتوار کو لگے گا۔ یہ گرہین صبح 9 بج کر 42 منٹ پر

شروع ہوگا جبکہ دن 2 بج کر 6 منٹ پر ختم ہوگا۔

چاند گرہین (خسوف):

یہ گرہین 28 ستمبر 2015ء بروز سوموار کو لگے گا۔ یہ گرہین 6 بج کر 42 منٹ پر شروع ہوگا جبکہ 9 بج کر 28 منٹ پر ختم ہوگا۔ اس گرہین کو امریکہ، یورپ ،افریقہ، مغربی ایشیا کے چند مقامات میں دیکھا جائے گا۔ جبکہ پاکستان میں اس گرہین کے نظر آنے کے امکانات کم ہیں۔

حسن اور کشش:

وہ خواتین وحضرات جو جسم اور چہرے کے نقوش میں کشش اور حسن کے خواہش مند ہوں یا وہ لوگ جن کے چہرے پر رونق نہ ہو ان کو چاہیے کہ بعد از نماز عشاء روزانہ ایک ہزار مرتبہ اسم الہٰی ''یا مصور'' کا ورد کریں۔ انشاء اللہ چہرے پر رونق آئے گی اور جسم و چہرے کے نقوش میں کشش اور جاذبیت پیدا ہوگی۔

ناراضگی دور کرنے کیلئے:

دوست یا بہن بھائی یا میاں بیوی وغیرہ باہم ناراض ہوں تو ان میں صلح کروانے اور اتفاق پیدا کرنے باہم ناراضگی دور کرنے اور پیار و محبت کرنے کیلئے کسی میٹھی شے پر اسم الہٰی ''یا جلیل'' سوالاکھ دفعہ پڑھ کر کھانے کو دیں۔ انشاء اللہ فریقین میں پیار و محبت پیدا ہوگا اور ناراضگی دور ہو جائیگی۔

میاں بیوی میں ناراضگی دور کرنے کیلئے:

اگر میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہو جائے یا عارضی طور پر ایک دوسرے سے

الگ ہو جائیں ۔وجہ کچھ بھی ہو تو ان کے ملاپ اور جھگڑے وغیرہ کے خاتمے کیلئے نقش زعفران سے تحریر کر کے گھر میں رکھنے کیلئے دیں۔ ساتھ میں اسم الٰہی "یا مجیب" کا روزانہ چار سو مرتبہ ورد بعد از فجر باہم ناراضگی دور ہونے اور اتفاق و صلح کی نیت سے کریں۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

چال

۱۴۶	۱۳۲	۱۴۰	۱۴۳
۱۳۹	۱۴۴	۱۴۵	۱۳۳
۱۴۱	۱۳۸	۱۳۴	۱۴۸
۱۳۵	۱۴۷	۱۴۲	۱۳۷

نا جائز تعلق دوستی اور عادتوں کا خاتمہ :

باہم مرد وزن میں یا باہم عورتوں میں یا باہم مردوں میں کوئی ناجائز تعلق یا دوستی ہو تو اس کے خاتمے کی نیت سورۂ کوثر بعد از فجر و عصر بیس دفعہ روزانہ پڑھے۔ دوران عمل فریقین کی صورتیں اور ان میں فرق پڑنے کا خیال ضرور رکھے۔

کوئی مرد عورت ناجائز تعلقات رکھتا ہو شراب و کباب کا عادی ہو یا زانی وجواری ہو تو اس کے قریب بیٹھ کر آہستہ آواز میں ''سورۃ یٰسین'' پڑھ کر پھونک دیں۔ انشاءاللہ جلد ٹھیک ہو جائے گا۔ اصلاح تک یہ عمل روزانہ کریں۔

لڑکی کی شادی کا عمل:

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو وہ سورۃ ''ممتحنہ'' کو بعد از نماز فجر پڑھے۔ اللہ نصیب کھول دے گا۔

لڑکی کے رشتے یا شادی کیلئے ''سورۂ نساء'' کا روزانہ پڑھنا حد درجہ مفید ہے ۔اللہ نے چاہا تو جلد کوئی نہ کوئی رشتہ مل جائے گا۔

شادی نہ ہوتی ہو کسی نے شادی باندھ دی ہو تو سورۂ طٰہٰ کو بعد از فجر اور عصر بلاناغہ شادی کی نیت سے پڑھیں۔ نئے چاند سے شروع کر کے چالیس دن تک پڑھیں ۔ایک چلے میں رشتہ نہ آئے تو اگلے نئے چاند سے دوسرا اور تیسرا چلہ کریں۔ انشاءاللہ امید بر آئے گی۔

سورۂ حج کا روزانہ بعد از فجر آٹھ مرتبہ پڑھنا بھی شادی کیلئے مجرب ہے۔ فرد خود مکمل یقین و اعتماد سے پڑھے۔ جلد شادی ہو جائیگی۔

نقش تحریر کر کے سائلہ کے گلے میں ڈال دیا جائے اگر حکم ربی ہوا تو نصیب کھل جائے گا۔ پورے چاند سے چند دن قبل آب زم زم اور زعفران کی سیاہی بنا کر لکھیں تو زیادہ اچھا ہے۔ انار کے درخت کی شاخ لے کر اس کی قلم نقش لکھنے کے واسطے بنائیں۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

۴۴۴	۴۳۱	۴۳۸	۴۴۱
۴۳۷	۴۴۲	۴۴۳	۴۳۲
۴۳۹	۴۳۶	۴۳۳	۴۴۶
۴۳۴	۴۴۵	۴۴۰	۴۳۵

عشق کا بھوت اتارنا:

کوئی مرد و زن کسی کے عشق میں گرفتار ہو جائے اس کے سر سے عشق کا بھوت اتارنے کیلئے ''آیت الکرسی'' آب زم زم اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کر کے پینے کیلئے دیں۔ جلد ہی عشق کا مزاج میں قرار آنا شروع ہو جائے گا۔

لوگوں کے شر سے حفاظت :

لوگوں کے شر، فساد اور شرارت سے محفوظ رہنے کیلئے نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور دس دفعہ بعد از عصر بلاناغہ ''سورۂ فاتحہ'' کی تلاوت کریں۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

چال

۲۳۵۷	۲۳۷۱	۲۳۶۸	۲۳۶۵
۲۳۶۹	۲۳۶۴	۲۳۵۸	۲۳۷۰
۲۳۶۳	۲۳۶۶	۲۳۷۳	۲۳۵۹
۲۳۷۲	۲۳۶۰	۲۳۶۲	۲۳۶۷

دشمنوں سے حفاظت :

جب کوئی فرد دشمنوں میں پھنس جائے تو اسم الٰہی ''یا قدوس'' کو بطور حصار پڑھے۔ تعداد اور وقت کی کوئی پابندی نہیں۔ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت پڑھ سکتا ہے۔ اللہ امن کے اسباب پیدا کرے گا اور دشمن اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔

دشمنوں سے حفاظت اور سلامتی کے واسطے بعد از فجر چھ سو بار اسم الٰہی ''یا سلام'' پڑھے۔ دشمن جتنا بھی طاقتور ہو اللہ نے چاہا تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

نقش لوہے یا تانبے پر کندہ کروا کر ظالموں اور دشمنوں کے گھر یا مجلس کی جگہ پر دفن کر دے وہ بکھر جائیں گے تباہ ہو جائیں گے اور اس قابل نہ رہیں گے کہ سائل کو نقصان پہنچا سکیں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

چال

۱۵	۵۴	۵۷	۴۴
۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۴۶	۵۹	۵۶	۴۹
۵۳	۴۸	۴۷	۵۸

اضافہ ، رزق :

اسم الٰہی "یا رزاق" کو بعد از نماز فجر یا عشاء ۳۱۲۵ دفعہ مسلسل چالیس یوم تک

پڑھیں۔ معاملات رزق میں جو بھی مشکل اور رکاوٹ ہوگی انشاءاللہ دور ہو جائیگی۔

دکان اور کاروبار کیلئے :

دکان میں گاہک آئیں مگر خریداری نہ کریں یا گاہک کا رجحان نہ ہو تو نقش زعفران سے تحریر کر کے دکان کے دروازے کے اوپر لگا دیں۔ انشاءاللہ گاہک کا رجحان دکان کی طرف ہوگا اور مال کی فروخت بڑھے گی۔

مندرجہ بالا نقش کے علاوہ اسلام الٰہی "یا باری" کو روزانہ بعداز عصر دو سو مرتبہ دکان یا کاروبار والی جگہ پر بیٹھ کر پڑھیں اللہ برکت دے گا۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

چال

۲۱	۸	۱۵	۱۸
۱۴	۱۹	۲۰	۹
۱۶	۱۳	۱۰	۲۳
۱۱	۲۲	۱۷	۱۲

رجوع خلقت:

ڈاکٹر، حکیم، دکاندار، نجومی وغیرہ اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے رجوع کریں۔ اس مقصد کیلئے اسم الٰہی "یا باری" کا روزانہ بعد از نماز فجر و عصر دو سو بار ذکر کرنا از حد موزوں ہے۔ ممکن ہو تو نقش چاندی پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

چال

۲۶	۱۲	۱۹	۲۳
۱۸	۲۴	۲۵	۱۳
۲۱	۱۷	۱۴	۲۸
۱۵	۲۷	۲۲	۱۶

طبیب، ڈاکٹر اور شفاء:

ڈاکٹر، سرجن، حکیم وطبیب وغیرہ کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے ہاتھ میں شفا ہو اور زیادہ سے زیادہ کامیابی حاصل ہو۔ سو ان کو اس مقصد کے حصول کیلئے اسم الٰہی ''یا باری'' کا روزانہ دوسو مرتبہ ذکر کرنا چاہئے۔ انشاء اللہ ان کے ہاتھ میں شفاء پیدا ہوگی اگر ممکن ہو تو نقش زعفران سے لکھ کر اپنے مطب میں اونچی جگہ پر لٹکادیں۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

چال

۵۹	۴۵	۵۳	۵۲
۵۲	۵۷	۵۸	۴۶
۵۴	۵۱	۴۷	۶۱
۴۸	۶۰	۵۵	۵۰

دفع غصہ:

جس کو شدت سے غصہ آتا ہو اس کو "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" کا ورد کرنا چاہئے۔ وقت اور تعداد کی قید نہیں۔ جب غصہ یا خیال آئے تب پڑھنا شروع کر دے۔

راہ بھول جانا:

جب کوئی سفر میں راستہ بھول جائے تو اذان دے۔ اللہ سے امید ہے کہ وہ اس کو راستہ دکھائے گا۔

لکنت کا علاج:

لکنت کے علاج کیلئے "سورہ بنی اسرائیل" کو روزانہ دو دفعہ آہستگی کے ساتھ پڑھے۔ ممکن ہو تو نقش عرق گلاب اور آب زم زم سے تحریر کر کے بلاناغہ پیئے انشاء اللہ زبان کی لکنت ختم ہو جائے گی۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

چال

۶۱۳۶۰	۶۱۳۴۷	۶۱۳۵۴	۶۱۳۵۷
۶۱۳۵۳	۱۶۳۵۸	۶۱۳۵۹	۶۱۳۴۸
۶۱۳۵۵	۶۱۳۵۲	۶۱۳۴۹	۶۱۳۶۲
۶۱۳۵۰	۶۱۳۶۱	۶۱۳۵۶	۶۱۳۵۱

جن یا سایہ :

جن یا سایے کا اثر دور کرنے کیلیئے اسم الٰہی ''یا قدوس'' بعد از فجر اور مغرب ایک ہزار بار پڑھ کر مریض کے تمام جسم پر پھونکیں۔ ساتھ ہی پانی پر دم کر کے اس کو استعمال کیلیئے دیں۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن تک کریں۔ آہستہ آہستہ تمام اثر دور ہو جائے گا۔

جس پر آسیب و جن کا سایہ ہو اس کو ''سورۂ جن'' پانی پر تین دفعہ پڑھ کر روزانہ پلائیں۔ ساتھ ہی نقش مریض کے گلے میں ڈالیں صحت ہو گی۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

چال

۱۵۱۵۰	۱۵۱۶۴	۱۵۱۶۱	۱۵۱۵۸
۱۵۱۶۲	۱۵۱۵۷	۱۵۱۵۱	۱۵۱۶۳
۱۵۱۵۶	۱۵۱۵۹	۱۵۱۶۶	۱۵۱۵۲
۱۵۱۶۵	۱۵۱۵۳	۱۵۱۵۵	۱۵۱۶۰

ذاتی مکان و جائیداد کا حصول:

ذاتی مکان بنانے یا جائیداد خریدنے کی خواہش کی تکمیل نہ ہوتی ہو تو اسم الٰہی "یامالک" کا ورد روزانہ بعد از نماز عصر ایک ہزار مرتبہ کریں اور صدق دل سے حصول مقصد کیلئے اللہ سے دعا کریں۔

دشمنوں پر غلبہ و ہیبت:

جب دشمنوں میں نفاق ڈالنا ہو، اختلاف پیدا کرنا ہو اور ان کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے ان پر غلبہ حاصل کرنا ضروری ہو تو نقش کے مطابق دو نقش تحریر کریں اور ان کو مخالفین کی گزرگاہ میں دفن کر دیں۔ ان میں باہم فساد پیدا ہوگا اور آپ کا رعب اور غلبہ ان پر قائم ہوگا۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

چال

۷۶	۷۹	۸۲	۶۹
۸۱	۷۰	۷۵	۸۰
۷۱	۷۴	۷۷	۷۴
۷۸	۷۳	۷۲	۸۳

حل مشکلات:

کوئی فرد کسی پریشانی کا شکار ہو، کسی مشکل یا غم نے آگھیرا ہو حالات مسلسل خراب رہنے لگیں یا خاندانی لحاظ سے فرد مالی بدحالی کا شکار ہو یا بے نام اور عزت سے محرومی کی شکایت ہو تو سورۃ فاتحہ کا عمل اس طرح کرے مقصد حاصل ہوگا۔

نئے چاند سے صبح کے وقت فجر سے فارغ ہو کر چالیس دن متواتر اس سورۃ کو روزانہ ۲۰۰ مرتبہ پڑھے۔ چالیس دن ختم ہونے پر یہ عمل چھوڑ دے اور پھر نئے چاند پر اس عمل کو شروع کرے۔ اس طریقے سے اس عمل کو اس وقت تک پورے یقین سے کرتا رہے جب تک مقصد حاصل نہ ہو جائے۔

حصول مقصد کے بعد شکرانے کی نیت سے ایک چلہ مزید اس کا ضرور پورا کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ نقش پر کرے۔ اگر تو کوئی گھریلو مسئلہ ہے تو ایک ہی نقش کافی ہے اور اگر روزگار کا مسئلہ ہے تو دو عدد نقش تیار کرے ایک نقش ہمیشہ اپنے پاس

رکھے جب کہ دوسرا دکان یا فیکٹری وغیرہ میں لٹکا دے۔ حد درجہ فوائد کا حصول ہوگا۔

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

چال

١٣٥٧	٣١٤٩	٣١٥٥
٣١٥١	٣١٥٤	٣١٥٦
٣١٥٣	٣١٥٨	٣١٥٠

اہم مقاصد کیلئے سورۂ فاتحہ کے چند خاص اعمال

دشمنی ختم کرانا:

ایسے دو، دوست، عزیز یا محلہ دار۔۔۔ جن کے مابین کسی غلط فہمی کی بنا پر دشمنی پیدا ہو گئی ہو، دلوں میں کدورت اور نفرت کے باعث دونوں ایک دوسرے سے دشمنی رکھتے ہوں اور کسی طرح بھی دشمنی ختم کرنے پر آمادہ نہ ہوتے ہوں صلح کیلئے دونوں میں سے کوئی بھی پہل کرنے کیلئے تیار نہ ہو تو اس مقصد کیلئے دونوں کے مابین دشمنی کی فضاء ختم ہو جائے اور دونوں صلح پر آمادگی کا اظہار کریں، باوضو حالت میں بادام کی چند گریاں لے کر اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھیں۔ درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ

پڑھ کر دم کریں۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگئے کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے دلوں میں محبت و اخوت کے جذبات ایک دوسرے کے لئے پیدا کر دے۔ اس کے بعد بادام کی یہ گریاں ان دونوں کو کھلا دیں۔ بفضلِ باری تعالیٰ، چند یوم کے عمل سے دونوں کے مابین محبت پیدا ہو جائیگی اور دونوں صلح کی طرف پیش رفت کریں گے اور دشمنی کو ختم کرنے پر آمادہ ہو جائیں گے۔

زبان بندی کیلئے:

اگر کسی کا دشمن بہت بدزبان ہو، کسی بھی طرح بدزبانی کرنے سے باز نہ آتا ہو، جب بھی سامنا ہو گالی گلوچ سے کام لیتا ہو، ایسے دشمن کی طرف سے بہت پریشانی لاحق ہو، سمجھانے سے بھی کسی کی نہ سنتا ہو تو ایسے دشمن کی زبان بندی کرنے کی غرض سے بنولے کے اکس دانے لے کر باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ درمیان میں اکین مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور ان کو دشمن کے مکان کی دیوار میں اس طرح دبا کر دفن کر دیں کہ دشمن کو اس کی خبر نہ ہو بفضل باری تعالیٰ مرتے دم تک دشمن بدگوئی نہ کرے گا اور بدزبانی کرنے سے باز آ جائیگا۔

ادائیگی قرض کیلئے:

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو، قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جب کہ قرض خواہ سے حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اس کسی

طرح بھی مہلت دینے کے لئے آمادہ ہو ہوتا ہو، قرض خواہ کے سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ (حتی الامکان معاصی سے اجتناب کریں کیونکہ معاشی تنگی کی بڑی وجہ ارتکاب معصیت ہے۔ خ)

کمر درد کیلئے:

سردی کے موسم میں موسمی اثرات کے باعث آنیوالے کمر درد میں افاقہ حاصل کرنے کیلئے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ لکھ کر روغن بلسان خالص سے، اس کو پانی کی طرح دھولیں۔ پھر اس تیل پر ستر (۷۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کرلیں۔ کمر درد ہونے کی صورت میں اس تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں۔ انشاء اللہ درد میں آرام آجائیگا۔

نظر بد سے بچائو:

نظر بد سے بچاؤ کیلئے ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک فوری اثر دکھاتا ہے۔ اس کو بازو پر باندھنے یا گلے میں تعویذ کی طرح لٹکانے سے بری نظر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کو نظر بد لگی ہوئی ہو اور وہ اس کا شکار ہو کر کسی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو

اور اسے کسی طرح قرار نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ کا نقش مبارک لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر اسے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال دے۔ بفضلِ باری تعالیٰ نظر بد کا اثر فوری طور پر جاتا رہے گا اور نظر بد سے آزاد ہو جائیگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب العلمین	الحمد للہ	الرحمٰن	بسم اللہ	بسم اللہ
وایاک نستعین	ایاک نعبد	یوم الدین	مالک	الرحمٰن الرحیم
علیھم	انعمت	صراط الذین	المستقیم	اھدنا الصراط
آمین	الضآلین	ولا	علیھم	غیر المغضوب

بزرگانِ دین و عاملین کے استخارے کے مجرب طریقے:

طریقہ 1: بعد از نماز عشاء، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار کے ساتھ باوضو تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ کلمات پڑھے:

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْ نِیْ بِجَمَا لِهٖ یَا خَبِیْرُ

اس کے بعد اپنی مراد کو خدا تعالیٰ سے مانگے اور سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب خواب میں مل جائیگا۔

طریقہ ۲: بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۳۳ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد ۳۳ مرتبہ درود شرف پڑھ کر گیارہ ۱۱ مرتبہ "یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا بَشِیْرُ بَشِّرْ نِیْ یَا خَبِیْرُ خَبِّرْ نِیْ" پڑھیں ۳۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے سو جائیں۔ جب تک جواب نہ ملے پڑھتے رہیں۔

طریقہ ۳: استخارہ کیلئے "یَا بَاطِنُ" کا ورد مفید ہے۔ باوضو بستر پر لیٹ کر مقصد کا تصور کر کے نیند نہ آنے تک ورد کرتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں جواب مل جائیگا۔

طریقہ ٤: کسی بھی امر کا معلوم کرنا ہو تو نماز عشاء کے بعد تازہ وضو کریں۔ پھر ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر دو رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص، دوسری میں بعد فاتحہ تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر منہ شمال مغرب کی طرف کر کے گیارہ قدم اٹھائیں۔ ہر قدم پر اپنا مطلب سیدنا غوث پاک رحمہ اللہ کے وسیلے سے اللہ سے طلب کریں۔ پھر قبلہ رخ ہو کر آیت "اھدنا الصراط المستقیم" پانچ سو مرتبہ پڑھیں مطلب بالضرور دل میں ہو۔

پھر آپ کا سر دائیں یا بائیں طرف کوئی غیبی شخص گھما دے گا۔ چاہے سر کو زنجیروں سے کیوں نہ باندھ دیا جائے۔ دائیں طرف مقصد پورا ہوگا۔ بائیں طرف نہیں۔ پس سر نے

ہر حال میں گھومتا ہے۔

طریقہ ۵: سُبْحٰنَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ (سوریہ البقرۃ:۲۲)

اگر کسی کارِ خیر میں استخارہ منظور ہو تو بعد از نماز عشاء خیالات فاسدہ کو دل سے یکسو کر کے ۔ایک سو ایک بار اس آیت شریف کو پڑھیں اور مطلب کا خیال کر کے سو رہیں۔ جو بہتر ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائیگا۔

طریقہ ٦: بعد نماز عشاء سوتے وقت دائیں پہلو لیٹ کر سورۃ واللیل (پ۳۰) والضحیٰ (پ۳۰) الم نشرح (پ۳۰)۔۔۔ ہر ایک سات سات بار پڑھیں۔ پھر یہ دعا بھی سات بار پڑھیں۔

"اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" (حضرت امام یا فعی رحمہ اللہ)

ترجمہ: "یا اللہ میرے لئے میرے امر میں کشائش و دستگاری کر"

طریقہ ۷: سوتے وقت باوضو تین بار درود شریف، دس بار سورۃ الفاتحہ اور گیارہ بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر سینے پر دم کر کے کام کا تصور کرتے ہوئے قبلہ رخ ہو کر سو جائیں۔

حاضرات خود دیکھیں۔۔۔ ایک خاص عمل:

حاضرات (خود بینی) بر آئینہ:

یَا الٰهی بِحُرمتک کُنْ کُنْ فَیَکُوْن فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ مُسْتَهِیداً بِحق حضرت سلمیان بن دائود علیه السلام

اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی۔ تعداد 747 بار گیارہ یوم پرہیز جلالی و جمالی۔ نیا آئینہ، کمرہ سفید۔

طریقہ: مندرجہ بالا حاضرات کسی کرامت، کشف والہام سے کم نہیں۔اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے گویا یہ ایک غیبی خزانہ ہے۔جو بھی اس حاضرات کو کرے گا وہ گھر بیٹھے دنیا کے تمام حالات بتا سکتا ہے، چوری، اغوا، گمشدہ، مفرور، امتحان میں کامیابی و ناکامی، دلوں کا حال، امتحانی پرچہ جات، بیماری کا مرض، وعلاج، آئندہ رونما ہونے والے واقعات کا بتانا وغیرہ وغیرہ۔

بس یہ سمجھیں کہ یہ "الہامی حاضرات" ہے۔آپ کو دنیا کی ہر چیز کا پتہ کشف والہام کے ذریعے ہو جایا کرے گا۔جب بھی حاضرات کرنی ہو تو کمرہ میں قلعی (چونا) کروائیں اور بازار سے ایک نیا آئینہ خریدیں اور اس پر عطر گلاب لگائیں اور توجہ و یکسوئی کامل سے مندرجہ بالا عزیمت بعد نماز عشاء، باوضو، با

طہارت، اگربتی وغیرہ سلگائیں اور عزیمت آئینہ اپنے سامنے رکھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور ایک مرتبہ صرف ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' اور آیت کو 747 بار آئینہ پر نظر جما کر توجہ و یکسوئی اور دل سے پڑھیں۔ اس طرح روزانہ عمل کو گیارہ یوم با پرہیز پڑھیں۔

چار یا پانچ روز میں ہی آپ کو آئینہ میں بادل دھواں سا اڑتا ہوا نظر آئے گا۔ پھر ایک دو دن بعد آپ کو آئینہ میں بادل اڑتے ہوئے نظر آئیں گے اور ہلکی سی بارش بھی ہوتی ہوئی نظر آئے گی۔ پھر نویں روز یا گیارہویں روز آپ کی شکل آئینہ سے غائب ہو جائیگی۔ اتفاقاً اگر آپ کی شکل غائب نہ بھی ہو تو آپ بارہویں روز آئینہ میں دیکھتے ہوئے اور مذکورہ بالا آیت کو صرف 27 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے حاضرات کریں۔ آپ کو ایک بزرگ باریش نظر آئیں گے۔ پھر ان کو اپنا سلام عرض کریں اور جو پوچھنا ہو دریافت کریں۔ انشاء اللہ ہر جائز و شرعی سوال کا جواب سو فیصد سچا و درست ملے گا۔

اس کے علاوہ اس حاضرات کو کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ سے اگر کوئی سوال کرے کہ فلاں مفرور شخص کہاں ہے؟ فلاں گمشدہ گاڑی کہاں ہے؟ غرض کسی بھی قسم کا سوال ہو تو اس کیلئے یہ طریقہ یہ ہے کہ عامل (آپ) مذکورہ بالا عزیمت کو آنکھیں بند کر کے صرف 18 مرتبہ پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور اس سوال کا جواب معلوم کرے۔ انشاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں ہر چیز عیاں ہو

جائیگی اور عامل ہر سوال کا جواب با آسانی بتادے گا۔ لاجواب والہامی حاضرات ہے۔

حاضرات شائقین وعملیات شائقین کے لئے ایک بیش قیمتی تحفہ ہے۔

اولاد کے رشتہ کیلئے آسان عمل

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَّ صِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا (فرقان:54)

جس شخص کے بیٹے کی شادی میں رکاوٹ ہو، مناسب رشتہ نہ ملتا ہو یا منگنی وغیرہ ہو کر ٹوٹ جائے، وہ اس آیت کو اکیس (21) دن تک روزانہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ بہت جلد مناسب رشتہ مل جائیگا۔

سات دنوں میں ہر طرح کی بندش کے خاتمے کا خاص عمل :

(بندشوں میں جکڑے بھائیوں اور بہنوں کیلئے)

یہ عمل ان تمام بھائیوں اور بہنوں کیلئے بہت مفید ہے جو کسی نہ کسی طرح بندشوں کا شکار ہیں۔ کاروبار میں بندش لگی ہو، رزق میں بندش ہو، ملازمت بندش کی وجہ سے کہیں نہ مل رہی ہو، فیکٹری بندش کی وجہ سے بند ہو گئی ہو، کھیت بندش کی وجہ سے اُجڑ گئے ہوں، بندش کی وجہ سے بیماریاں جان نہ چھوڑتی ہوں اور صحت تباہ ہو گئی ہو، بندش کی

وجہ سے اولاد نہ ہو رہی ہو یا اولاد نرینہ نہ ہو رہی ہو، بندش کی وجہ سے عزت ختم ہوتی جا رہی ہو، الغرض کسی بھی قسم کی بندش ہوگی اس عمل کے کرنے سے انشاءاللہ وہ ختم ہو جائیگی۔ اور جس طرح کی بندش لگی ہوگی، اس مقصد کے حصول کے راستے کھل جائیں گے۔

طریقہ عمل :

اس عمل کو نو چندی جمعرات یا شب جمعرات سے شروع کر کے لگا تار سات دن تک کریں۔ جتنے افراد پڑھنے والے ہوں، وہ سب باوضو ہوں اور پاک وصاف کپڑے پہنیں۔ کمرے میں سفید چادر بچھائیں اور خوشبو جلائیں۔ موبائل فونز نہ ہوں اور نہ ہی کسی کا آنا جانا ہو، بچوں کو دور رکھیں۔ زیادہ مقدار میں پانی اور عمدہ بخور سامنے رکھیں۔

ہر پڑھنے والا اول و آخر میں درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ پھر سب مل کو ایک سو مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں۔ جب تک سو مرتبہ آیت الکرسی نہ ہو جائے، آگے کچھ نہ پڑھا جائے۔ پڑھنے کے بعد پانی اور بخور پر دم کریں۔

پھر ایک سو مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ پڑھنے کے بعد پانی اور بخور پر دم کریں ۔اس طرح ایک سو مرتبہ سورۃ فلق پڑھ کر پانی اور بخور پر دم کریں۔ آخر میں سو مرتبہ سورۃ ناس پڑھ کر پانی اور بخور پر دم کریں پھر درود شریف گیارہ بار پڑھ لیں۔ مجلس میں جو بھی بڑا ہو یا نیک ہو اس سے دعا کروالیں۔

یہ پانی روزانہ صبح کو اور قبل مغرب پورے گھر کے پاک کونوں میں اور دیواروں پر چھڑکیں ۔ اگر کاروباری مسئلہ ہو تو کاروبار والی جگہ پر دن میں دو وقت چھڑکیں۔ مریض یہ پانی پیتا بھی رہے بلکہ سب گھر والے پانی پیئیں۔ قبل مغرب، بندش زدہ جگہ پر بخور کی دھونی دیں۔ اگر مریض ہے تو اس کے گھر میں بھی دھونی دیں اور ان کو بھی دھونی دیں۔ مریض کو چاہیے کہ نمازوں کی پابندی کرے اور نماز کے بعد اول و آخر ایک ایک بار درود شریف اور تین تین بار آیت الکرسی، سورۂ فاتحہ، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ صرف سات یوم میں ہی بندش کا خاتمہ ہوگا اور زندگی مثبت طرف گامزن ہوگی۔ اگر کچھ کمی رہ گئی تو اگلے ماہ دوبارہ سات یوم عمل کریں۔

نوٹ: عمل سے قبل جس مریض کی بندش کی ہے اس کی روحانی تشخیص کر لیں اور جو تشخیص کا نتیجہ آئے وہ نوٹ کریں اور اس طرح کسی جگہ کا معاملہ ہو تو اس جگہ کی بھی تشخیص کریں اور خود دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے معاملہ کس حد تک بہتر ہو چکا ہوگا۔

کشف کے دو خاص اعمال

کشف کی صلاحیت حاصل کرنے کیلئے:

جب کسی بھی امر کیلئے کشف کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل اسمائے شریفہ کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ بعد از نماز عشاء پڑھا جائے پہلے ہی ہفتہ میں ہلکی ہلکی آوازیں آنا شروع ہو جائیں گی مگر ان کی سمجھ نہ آئے گی۔ دوسرے ہفتے میں آوازیں معلوم ہوں گی اور صاف ہوں گی مگر کون سی زبان ہے یہ سمجھ نہ آئے گی۔ تیسرے ہفتے

دور دراز کے مناظر نظر آنا شروع ہوں گے۔ کچھ دیکھے ہوئے اور کچھ ان دیکھے مناظر ہوں گے۔ چوتھے ہفتے مناظر اور آوازوں کی سمجھ آنا شروع ہو جائیگی۔ پانچویں ہفتے میں کشف کھل جائے گا ماضی اور مستقبل کے بارے میں آگاہی ہوگی۔ صلاحیت کرامت سے کم نہیں ہوا کرتی۔ عمل سے قبل تزکیہ نفس ضروری ہے۔ اس لئے کسی کامل مرشد سے بیعت کر کے پہلے تزکیہ نفس کریں۔ پھر اس عمل کے ریاضت کریں تو کلی کامیابی ہوگی۔

اسمائے شریفہ یہ ہیں:

"اَغلیُوب اَغلا یُو ب اَغیلِ تا مِ تمو مِ صَبنَا اَیُومِ فَوم فاقم بہش یُو فا ت مخصیۃ یا علیمُ علّمنیُ یا خَبِیرُ اَخبرنیُ یا کا شِفُ اَکشِفنیُ مِنَ الاَ سرَارِ الغَیب"

عمل کشف القلوب یعنی روحانی وائرلیس:

بعد ہر نماز "یَا ھَا دِیُ یَا خَبِیرُ یَا مَتِینُ عَلاّ مُ الغُیُوب"۔ ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں اور سجدہ میں "اَلَا یَعلَمُ مَن خَلَقَ وَ ھُوَ اللَّطِیفُ الخَبِیرُ" تین بار تلاوت کریں۔ اور پھر کہیں: "اے اللہ! آسمان وزمین کے خزانے مجھ پر کھول دے"۔ ان شاء اللہ صرف سات روز کے اندر زمین وآسمان کے حالات منکشف ہو جائیں گے۔ وائرلیس کی طرح خبریں دل پر اترا کریں گی۔ اگر پورا رمضان عمل جاری رکھیں تو خوب ہے۔

کرشماتِ جفر:

رزق میں خیر و برکت، آمدنی میں اضافے، باہمی تعلقات میں پختگی، لوگوں میں مقبولیت اور فتوحات عامہ کے لئے ایک ایسا طریقہ قارئین کے لئے پیش کیا جا رہا ہے جو روحانی تجربات کی کسوٹی پر پورا اترتا ہے اور جس کے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

یہ طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے طالب اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد برآمد کرے ۔مثلاً طالب کا نام انیسہ خاتون ہے۔ غیور احمد کے 1269 اور انیسہ خاتون کے اعداد 1183 ہیں۔ دونوں کے مجموعی اعداد 2452 ہیں۔ چونکہ غیور احمد کے نام کا پہلا حرف غ ہے اس لئے قرآن کریم میں غ جتنی بار استعمال ہوا ہے اس کی دگنی تعداد شامل عمل کریں گے۔

قرآن حکیم میں حرف غ 2208 بار آیا ہے۔ اس کی دگنی تعداد 34416 ہوئی۔ قرآن حکیم میں حرف غ میں صرف ایک سورۃ کا نام ہے، سورۂ غاشیہ۔ اس کے کل اعداد 37457 ہیں۔

اسمائے حسنیٰ میں حرف غ سے یہ اسماء شروع ہوتے ہیں:

یا غفور، اعداد 1286۔ یا غفار، اعداد 1281۔ یا غنی 1100۔ تینوں کا مجموعی اعداد 3667۔

کل اعداد یہ ہوئے:

اعداد طالب مع والدہ 2456

حرف غ کی کل تعداد دوگنی کر کے 4416

رزق و خیر و برکت، آمدنی میں اضافے، باہمی تعلقات میں پختگی، لوگوں میں مقبولیت اور فتوحات عامہ کے لئے:

سورۂ غاشیہ کے اعداد 37457

اسماء الٰہی کے اعداد 3667

ٹوٹل 47992

ان میں سے وضع کئے 600

باقی کو 4 سے تقسیم کیا۔

حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں رکھ کر ہر خانہ میں 20 عدد کا اضافہ کریں گے۔ نقش اس طرح بنے گا:

۷۸۶

۱۱۹۸۸	۱۲۰۴۸	۱۲۱۰۸	۱۱۸۴۸
۱۲۰۸۸	۱۱۸۶۸	۱۱۹۶۸	۱۲۰۶۸
۱۱۸۸۸	۱۲۱۴۸	۱۲۰۰۸	۱۱۹۴۸
۱۲۰۲۸	۱۱۹۲۸	۱۱۹۰۸	۱۲۱۲۸

وکفٰی باللہ شھیدا
محمد رسول اللہ
ﷺ

دو نقش تیار کیے جائیں۔ایک نقش طالب کے گلے میں ڈالا جائے۔ایک طالب کے گھر میں لٹکایا جائے۔دونوں نقش بر کپڑے میں پیک ہوں گے۔یہ نقش نوچندی اتوار کو یا عروج ماہ کے کسی بھی اتوار کو ساعت شمس میں لکھے جائیں۔

ہاتھ کے ذریعے روحانی تشخیص والے عمل کے عامل بنیں

نئے اسلامی سال کا روحانی تحفہ ۔۔۔۔

بہت سے لوگوں کی فرمائش تھی کہ ایسا عمل دیا جائے ،جس فوری طور پر مریض کی روحانی تشخیص کی جا سکے اور مریض پر جو اثر ہو، وہ صاف ظاہر ہو جائے۔ان کی خواہش کے پیش نظر یہ عمل دیا جا رہا ہے۔اس تشخیص کے عمل سے مریض کے جسم پر اگر جنات، جادو یا دونوں کا اثر ہوا تو واضح طور پر ظاہر ہو جاتا ہے۔

عامل بننے کا طریقہ:

اس عمل کا عامل بننا شرط ہے۔عامل بننے کے لئے اکیس یوم کا چلہ کرنا پڑتا

ہے۔نوچندی شب جمعرات یا شب جمعہ کو کوئی وقت مقرر کر کے اس عمل کو پڑھنا ہے مسلسل اکیس یوم پڑھنا ہے۔وقت ایک ہی رکھیں۔بہتر کہ جگہ ایک ہی رکھیں۔مجبوری میں جگہ تبدیل کی جا سکتی ہے۔کھانے پینے کا کوئی پرہیز نہیں۔بس حتی الامکان گناہوں سے پرہیز کیا جائے۔عامل بننے کے لئے اجازت لینا شرط ہے۔

عمل یہ ھے :

۔۔۔درود ابراہیمی	گیارہ بار (اول آخر)
۔۔۔آیت الکرسی	اکیس بار
۔۔۔سورۂ فلق	اکیس بار
۔۔۔سورۂ ناس	اکیس بار

عمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں اور کامیابی کی دعا کریں۔عمل کے اختتام پر کچھ میٹھا نابالغ بچوں میں بانٹ دیں۔پھر کسی بھی نماز کے بعد ایک بار درود ابراہیمی (اول آخر) اور ایک بار آیت الکرسی، سورۂ فلق اور سورۂ ناس، پڑھ لیا کریں۔اور پابندی سے مداومت جاری رکھیں۔جو لوگ اس عمل کو زیادہ استعمال کریں، وہ مدامت ایک کی بجائے تین بار کی کریں۔

دعائے کفایت:

نماز پنجگانہ بعد دعائے ذیل کو چند بار پڑھا کرے۔انشاء اللہ حصول مراد ہوگی۔

طریقہ یہ ہے کہ دعا کو ہر دفعہ شروع کرنے سے پہلے اپنی دونوں ہتھیلیاں بند کرلے اور جب لفظ قیوم پر پہنچے تو دائیں ہتھیلی کھول دے اور جب لفظ مستعان پر پہنچے تو بائیں ہتھیلی کھول دے۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا سَمِیۡعُ یَا بَصِیۡرُ یَا حَلِیۡمُ یَا وَدُوۡدُ یَا مُسۡتَعَانُ کٓہٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

سلب درد:

لاجواب عمل

یا شمعلونی ولمطانی کاغذ پر لکھ کر ایک کیل دیوار میں ان حروف پر ٹھونکیں۔ درد والا شخص مقام درد پر ہاتھ رکھے۔ ۲۔۳۔ ٹھوکریں کیل کو مار کے دریافت کرے حتیٰ کہ درد کو بالکل آرام آجائے ہاتھ اٹھا کر درد معلوم کریں۔

سر درد معلوم کریں۔

سر درد کے لئے یہ پر کیل ٹھونکیں۔

درد دنداں کے لئے س پر کیل ٹھونکیں۔

درد حلق . . م . . .

درد کان . . و . . .

اور بخار دور کرنے کے لئے ط پر کیل ٹھونکیں۔

مقبولیت دعا کے لئے خاص عمل:

یا سَطِیعَ النُّورِ الَّذِیْ وَضَعَ المَذَلِةَ عَلیٰ رَنُوس الجبار یرة

یَستَطِیعُونَ رفع رنو سہمُ من خوف سطوتکَ یا سَعِیُعُ

ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد پڑھیں۔

احب یا ھرون السحابی اذھب الی کذوکذ الوحا ۳ العجل ۳

اسلاعة ۳

قبولیت دعا کی علامت یہ ہے کہ آپ کو بڑی اچھی کو خوشبو آئے گی۔

عجیب تر عمل:

فتیلہ

یہ فتیلہ لکھ کر عمدہ روئی میں فتیلہ بنا کر روغن چراغ سفال نو میں ڈال کر جلائیں اور جو بات دریافت طلب ہو روحانیت نقش سے پوچھے۔ انشاءاللہ بذریعہ آواز جواب ملے گا، ضرور ملے گا۔

عمل انکشاف حقیقت:

هُوَ اللاَّ سَا مَۃُ سرّ نا ھُو یا کرِ یمُ

طریق عمل:

نئے چاند کی جمعرات کو بوقت عشاء شروع کریں۔ روزانہ وقت پر پڑھا کریں (ایک ہزار بار روزانہ)۔ اکیس دن کا عمل ہے جب پورا ہو جائے تو اس دن حلوہ پکا کر سرور کائنات ﷺ کی فاتحہ دیں۔ حلوہ کے تین حصے کریں دو حصے خود کھالیں ایک حصہ بچوں میں تقسیم کریں۔

بعد زکوۃ روزانہ ۴۵ بار ہر روز پڑھنا ضروری ہے۔

عمل مذکورہ کو کام میں لانے کی ترکیب یہ ہے کہ مریض کا مرض مع علاج چوری، امتحان اور اسی قسم کے جملہ سوالات ہر حاجت کیلئے فوری طور معلوم کئے جاسکتے ہیں۔

ایک ہوشیار، عقل مند او پڑھے لکھے بچے کو سامنے بٹھا کو عمل ہذا ۴۵ بار پڑھ کر دم کریں اور حکم دیں کہ سو جاؤ۔ تین بار ۴۵، ۴۵ بار عمل پڑھ کر دم کریں اور سونے کا حکم دیں۔ جب بچہ غنودگی میں آجائے تو پھر اس سے سوال کریں وہ جواب دے گا۔

سوال جلدی جلدی نہ کریں کچھ وقفہ سے سوال کریں وہ جواب دے گا۔ یہ عمل مریض پر بھی کر سکتے ہیں جب کامل عبور ہو جائے تو مریض کے سرہانے کھڑے ہو کر یا کرسی پر بیٹھ کر مذکورہ طریقہ پر کر سکتے ہیں۔

دوران عمل ترک جمالی اور گوشت سے حتی الامکان پرہیز کریں۔ بعد میں پرہیز

کی ضرورت نہیں۔

یہ عمل عامل کو بلا تنویم کے کسی ذریعہ سے ناگہانی خبردار کروا دیتا ہے زیادہ تعداد میں پڑھنے سے خود کو بھی انکشاف ضمیر ہو جاتا ہے۔ غرضیکہ ہر مرحلہ پر عمل رہنمائی کرتا ہے۔

مرض روحانی ہے یا جسمانی:

مرض کے متعلق معلوم کرنا مقصود ہو کہ روحانی ہے کہ جسمانی تو لا یُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا الاَّ هُوَ برگ نیم چار عدد لے کر ہر ایک پتے پر آیۂ مذکورہ ۳-۳ بار پڑھ کر دم اور مریض کو کھلا دیں۔

اگر ذائقہ کڑوا ہے تو مرض بدنی ہے۔

اگر ذائقہ نمکین ہے تو علامت سحر یا جادو ہے۔

اگر ذائقہ میٹھا ہو تو اثر آسیب ہے۔

لاجواب عمل حاضرات:

نو چندی جمعرات کو روزہ رکھ کر صرف دودھ چاول سے افطار کریں اور کچھ نہ کھائیں۔ عشاء کی نماز کے بعد آیت الکرسی ان الفاظ کے ساتھ ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں یعنی جب ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ لیں تب ان الفاظ کو ایک بار دہرائیں۔

بسرٌ یا خ کشیہنلخ شلخبۃ طلخ آحضرو بارک اللّٰہ فیکُم و

علیکم وافعلو اکذا وکذا۔

کذا واکذا کی جگہ اپنے مقصد کا نام لیں مگر مقصد عربی زبان میں ادا کیا جائے۔ کسی عربی دان سے اس کی عبارت بنائی جائے۔ اس عمل کے خاتمہ پر موکل پرندوں کی شکل میں حاضر ہوں گے۔ جس وقت وہ حاضر ہو جائیں تو یہ الفاظ متواتر کہتے جائیں۔

انصرفوا الیٰ ما اُمرتکُم بہ۔ انصرفوا ما جُودِیْن بارک اللّٰہُ فیکُمْ وَجزاکم غنّاً خیرا۔

ان موکلوں کا حاضر ہونا ہی کامیابی کی دلیل ہے۔ یہ الفاظ کہنے سے چاروں موکل واپس چلے جائیں گے اور آپ کا کام فوراً ہو جائے گا۔

لاجواب حصار:

بعض عملوں میں حصار باندھنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ یہ حصار ایک قلعہ کی طرح ہے علاوہ عمل کے سفر، حضرت اور ہر جگہ آفات اور خطرات سے محفوظ رکھتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الٰہ کا کوٹ، الا اللہ کی کہانی، شاہ مردان کی چوکی بحق محمد مصطفیٰ ﷺ کی دہائی۔

تین مرتبہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلی شہادت پر دم کر کے سر کے اوپر سے انگلی گھما کر تین مرتبہ تالی بجائے۔

استخارہ اسرار غیب :

یا علیم علّمنی من اسرار الغیب ۱۹۴۵ بار بوقت خفتن پڑھیں اور ذیل کا نقش مخمس سر کے نیچے رکھیں۔ ہر مطب صاف صاف نظر آئے گا۔

۷۸۶

۱۱	۱۵	۱۹۰۹	۳	۷
۴	۸	۱۲	۱۶	۱۹۰۵
۱۷	۱۹۰۶	مطب	۹	۱۳
۵	۱۴	۱۸	۱۹۰۷	۱
۱۹۰۸	۲	۶	۱۰	۱۹

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم سر من اللّٰہ دل امن محمد مصطفیٰ پیش من علی مرتضیٰ پشت من فاطمہ زہرہ دست راست امامحسن دست چپ امام حسین گردبگر د سیدے شیخ عبدالقادر جیلانی کلید بن قفل سلمانی المدد دباللہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔

جنتری

سیکنڈ ایڈیشن

سینہ بسینہ چلنے والے علوم مخفی و عملیات و تعویزات

کے انکشافات و سربستہ رازوں کا نادر مجموعہ

اسرار العملیات چشتیہ اویسیہ

علی احمد چشتی

ماہر مخفی علوم